www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 28 جمادی الاول 1447ھ 20 نومبر 2025ء | صفحات 08 | شمارہ 136
رجسٹرڈ BC-m-13 | قیمت 35 روپے | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com

منشیات کی کاشت اور دہشتگردی میں ملوث افراد کا نام فورتھ شیڈول میں شامل، جائیدادیں بحق سرکار ضبط کی جائینگی، وزیر اعلیٰ

دہشتگردوں کا کوئی مذہب یا مقصد نہیں، وہ معاشرے کے لیے ناسور ہیں، قبائل کا تعاون امن و ترقی کے لیے ضروری ہے، ہم ایک ہیں اور انشاءاللہ ایک ہوکر دشمن کو شکست دیں گے، میر سرفراز بگٹی

جرگے کا مقصد عوام کے مسائل کو براہ راست سننا، ان کا جائزہ لینا اور پائیدار حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہے، وہ تمام مسائل جو ضلعی انتظامیہ کے اختیار میں آتے ہیں انہیں فوری حل کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ

عوامی مسائل کے حل اور براہ راست عوامی رابطے کو مضبوط بنانے کے لیے لورالائی کینٹ میں ایک اہم گرینڈ جرگے کا انعقاد، شرکاء نے اپنے مسائل سے متعلق درخواستیں تحریری طور پر بھی جمع کرائیں

جرگے میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، کور کمانڈر راحت نسیم، آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عاطف مصطفیٰ، آئی جی پولیس محمد طاہر خان، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سمیت اعلیٰ حکام شریک

کوئٹہ (ن ن) عوامی مسائل کے حل اور براہ راست عوامی رابطے کو مضبوط بنانے کے لیے لورالائی کینٹ میں ایک اہم گرینڈ جرگے کا انعقاد کیا گیا۔ جرگے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، کور کمانڈر راحت نسیم، آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عاطف مصطفیٰ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، مشیر جنگلات سردار مسعود علی خان لونی، کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ، ڈی آئی جی لورالائی جنید احمد شیخ، ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ، ایس ایس پی لورالائی ملک اصغر، ایس پی بارکھان سعد آفریدی اور تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز سمیت تمام ضلعی محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ جرگے میں قبائلی عمائدین، سردار گل محمد جوگیزئی، سردار معصوم خان ترین، سردار انور خان ناصر، ملک نور اللہ شبوزئی، ملک امان اللہ ناصر، خواتین، طلباء، شہریوں، سماجی شخصیات اور صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مہمانوں کو قبائلی روایتی پگڑیاں پہنا کر خوش آمدید کہا گیا۔ شرکاء نے اپنے مسائل نہ صرف زبانی پیش کیے بلکہ متعدد درخواستیں تحریری طور پر بھی جمع کرائیں۔ نمایاں عوامی مسائل میں امن و امان، بجلی کی فراہمی، پینے کے صاف پانی...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز کی کارروائیاں، فتنہ الخوارج کے 4 دہشتگرد ہلاک

بھارتی سرپرستی میں سرگرم ہلاک خوارج سے اسلحہ و گولہ بارود برآمد

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں 17 اور 18 نومبر کے دوران کی گئیں۔ سکیورٹی فورسز نے باجوڑ میں خفیہ اطلاع پر آپریشن کیا اور خوارج...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کا اے پی ایس کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اعزاز میں عشائیے کے موقع پر سردار علی، مجیب الرحمٰن شامی، سید ممتاز شاہ، ذیشان بیگ، فوید چوہدری و دیگر کے ہمراہ گروپ

پانی کی قلت، بلوچستان کی صرف 7 فیصد زمین زیر کاشت رہ گئی، اے ڈی بی

جدید اور مؤثر آبی نظم و نسق کی فوری ضرورت ہے، بلوچستان میں پانی اور موسم کا ڈیجیٹل نظام مسئلے کے حل کیلئے اہم کردار ادا کر رہا ہے

شمسی ڈرپ آبپاشی نظام نے پانی کی بچت اور زراعت میں استحکام پیدا کر کے صوبے میں امید کی نئی کرن پیدا کر دی ہے، رپورٹ

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) ایشیائی ترقیاتی بینک نے اپنی تازہ رپورٹ میں بلوچستان میں پانی کی شدید قلت کی نشاندہی کرتے ہوئے بتایا ہے کہ صوبے میں صرف 7 فیصد زمین زیر کاشت رہ گئی ہے، جسے دیکھتے ہوئے جدید اور مؤثر آبی نظم و نسق کی فوری ضرورت ہے۔ اے ڈی بی کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں پانی اور موسم کا ڈیجیٹل نظام اس مسئلے کے حل کے لیے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ آٹومیٹک موسمیاتی اسٹیشنز...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

آئندہ برس مون سون کے نقصانات سے بچنے کیلئے ابھی سے تیاری کریں، وزیراعظم کی ہدایت

پاکستان کا موسمیاتی تبدیلی میں کردار نہ ہونے کے برابر پھر بھی مضر اثرات کی لپیٹ میں ہے، شہباز شریف

صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے مربوط منصوبہ سازی کریں، کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آئندہ برس مون سون میں کسی بھی جانی و مالی نقصان سے بچنے کیلئے ابھی سے تیاری کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزارت موسمیاتی تبدیلی، وزارت منصوبہ بندی اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے مربوط منصوبہ سازی کریں۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

دنیا میں 8 بڑی جنگیں رکوائیں، جس پر فخر ہے، امریکی صدر، 4 روزہ جنگ میں پاکستان بھارت پر فاتح رہا، امریکی کانگریس میں رپورٹ جمع

بھارت پاکستان پر ایک اور حملہ کرنیوالا تھا، میں نے روک دیا، ڈونلڈ ٹرمپ

پاکستان اور بھارت اب اچھے اقدامات کر رہے ہیں، میں نے تجارت کی بنیاد پر جنگیں رکوائیں، سعودی 142 ارب ڈالر مالیت کا اسلحہ خریدے گا، جس میں ایف 35 جنگی طیارے اور جدید ٹینک بھی شامل ہیں

سعودی عرب اور امریکا کے درمیان تاریخی اور دیرینہ تعلقات ہیں، ہم دیرینہ تعلق کو مزید مضبوط بنائیں گے، سعودی عرب اہم نان نیٹو اتحادی قرار، صدر ٹرمپ نے دفاعی پیکج کی منظوری دیدی

چار روزہ جھڑپ میں پاکستان کی بھارت پر فوجی کامیابی نے چینی ہتھیاروں کو نمایاں کیا، پاکستان نے اپنے تین فضائی اڈوں کو نشانہ بنائے جانے کے بعد بھارت کے 26 اہداف کو کامیابی سے نشانہ بنایا

چین نے پاکستان کو بحران کے دوران بھارتی فوجی پوزیشنز پر براہ راست معلومات فراہم کیں، امریکی کانگریس میں جمع رپورٹ میں گزشتہ جنگ میں پاکستان کی بھارت پر برتری کا تذکرہ کیا گیا ہے

واشنگٹن (مشرق نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ بھارت دوبارہ پاکستان پر جنگ مسلط کرنے...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

واشنگٹن (م ڈ) امریکا کی کانگریس میں جمع کرائی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے اس برس مئی میں...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان اور ادارے 5 نکات پر دستخط کریں، عمران خان کی گارنٹی دینے کو تیار ہوں، محمود اچکزئی

میثاق آئین اور جمہوریت پر عمران خان سے دستخط کروانا میری ذمہ داری ہے، بات چیت، علیمہ خان نے موقف کی تصدیق کی

جمعہ کو احتجاج ہوگا، 26 ویں اور 27 ویں ترامیم کے خاتمے اور سیاسی قیدیوں کی رہائی تک جدوجہد جاری رکھیں گے، علامہ ناصر عباس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے میثاق آئین اور جمہوریت پر دستخط کرنے کی آفر کر دی۔ منگل کو تحریک تحفظ آئین پاکستان کی قیادت بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں کے اظہار...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اسحٰق ڈار کی روسی و چینی وزیراعظم سمیت عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں

وزیر خارجہ کی قطر کے وزیراعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمٰن الثانی سے غیر رسمی گفتگو

ماسکو (م ڈ) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان حکومت کی کونسل کے 24 ویں اجلاس کے موقع پر ازبکستان کے...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سیف اینڈ انوائرمینٹل ساؤنڈ ری سائیکلنگ آف شپس کا مسودہ قانون منظور

جوڈیشل اکیڈمی کا ترمیمی مسودہ قانون مصدرہ 2025، مسودہ قانون نمبر 39 مصدرہ 2025، اسپیکر نے متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا

بلوچستان انسداد گداگری کا مسودہ قانون مصدرہ 2025، مسودہ قانون نمبر 40 مصدرہ 2025 فی الفور زیر غور لانے کا مطالبہ اسمبلی میں پیش

وزیر اعلیٰ بلوچستان گیس اور بجلی کے مسائل کے حل کیلئے وفاق سے بات کریں، اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی رولنگ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو پچاس منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین نے تحریک پیش کی کہ مجلس کی رپورٹ برائے گزیٹڈ اسٹیبلشمنٹ آف آڈٹ رپورٹ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی آئی ایس پی آر کا قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کا خصوصی دورہ

یونیورسٹی میں منعقدہ نشست میں ملکی سلامتی، فوج کے پیشہ ورانہ کردار پر تفصیلی گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کا خصوصی دورہ کیا جہاں اساتذہ اور طلبا نے ان...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی فضائی حدود کی بندش، ایئر انڈیا کو اربوں روپے کا نقصان

پاکستان نے بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید توسیع کا نوٹم جاری کر دیا

مسافر طیاروں اور آرمی جہازوں کیلئے حدود 23 دسمبر 2025 تک بند رہے گی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے بھارت کے لیے فضائی حدود بندش میں مزید توسیع کر دی۔ پاکستان نے بھارتی طیاروں کے لیے فضائی بندش میں 23 دسمبر تک توسیع کی ہے۔ پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے بھارتی طیاروں کے لیے فضائی بندش میں توسیع کا نیا نوٹم جاری کر دیا گیا۔ نوٹم کے مطابق تمام مسافر طیاروں اور آرمی جہازوں کیلئے پاکستان کی...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان نے کہا قوم کو بتادو، آزادی یا موت کا وقت آگیا، علیمہ خان

ایک شخص اپنے ملک کے لوگوں کیلئے قربانی دے رہا ہے اور اسے سیاست کہا جا رہا ہے

کسی کی غلامی قبول کرینگے نہ اپنے بھائی کو تنہا رہنے دیں گے، اڈیالہ کے باہر میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی بہنوں نے کہا ہے کہ عمران خان نے کہا ہے کہ آزادی اور موت کا وقت آگیا ہے، قوم خود کو تیار کر لے۔ بدھ کو علیمہ خان، عظمیٰ خان اور نورین خان نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم کبھی پریس کانفرنس نہیں کرتے تھے لیکن آج کرنا پڑ رہی ہے، ہم نے بڑے صبر سے کام لیا لیکن اب بات کرنا پڑے گی، بانی پی ٹی آئی کو قید تنہائی میں...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج، امن و امان پر ان کیمرہ بریفنگ دی جائیگی

تمام معزز مہمانوں کو جاری کئے گئے ہر قسم کے پاس آج کے اجلاس کیلئے منسوخ

اسمبلی سیکرٹریٹ کے لازمی ڈیوٹی پر مامور عملے کے ماسوائے باقی افراد کو ایک بجے چھٹی ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کے حکم پر تمام معزز اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی کو 20 نومبر 2025 کو سہ پہر 3 بجے اسمبلی کی نشست میں...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں آئینی ترمیم عوام کے مفاد میں نہیں: اسد قیصر

یہ آئین سے متصادم ہے، حکمران ذاتی مفادات کے لیے ایسی ترامیم لا رہے ہیں

پشاور (م ڈ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم عوام کے مفاد میں نہیں بلکہ آئین سے متصادم ہیں۔ اڈیالہ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

22 ہزار سے زائد مقدمات وفاقی آئینی عدالت منتقل

26 ویں اور 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف دائر درخواستیں بھی شامل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ سے وفاقی آئینی عدالت کو 22 ہزار سے زائد مقدمات منتقل کر دیے گئے۔ ان مقدمات میں 26 ویں اور 27 ویں آئینی...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر: ساحل کے قریب نایاب بوٹل نوز ڈولفن کے جتھے کا نظارہ

معدومیت کے خطرے سے دوچار نسل کی پاکستانی سمندر میں موجودگی خوش آئند ہے

گوادر (آئی این پی) بلوچستان کے شہر گوادر کے ساحل کے قریب بوٹل نوز ڈولفن کے ایک بڑے گروپ کو دیکھا گیا۔ ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کی جانب سے جاری ہونے والے بیان کے مطابق ڈولفن پاکستان کے ساحلی پانیوں میں عام طور پر پائی جاتی ہیں...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ثانیہ زہرہ کا قتل، عدالت نے شوہر کو سزائے موت سنادی

ساس عذرا پروین اور دیور علی حیدر کو عمر قید کی سزا، 5 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد

ملتان (بیورو رپورٹ) ملتان میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے گزشتہ سال قتل ہونے والی 20 سالہ حاملہ ثانیہ زہرہ کے شوہر کو سزائے موت سنادی۔ 9 جولائی 2024 کو 2 بچوں کی ماں ثانیہ زہرہ اپنے کمرے میں چھت کے پنکھے سے لٹکی ہوئی مردہ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی اظہار خیال کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر راحت نسیم لورالائی میں گرینڈ جرگے سے خطاب کر رہے ہیں

مختلف شعبوں میں اربوں روپے کی ٹیکس چوری کا انکشاف، کیمرا مانیٹرنگ کا فیصلہ

ٹائل سیکٹر میں سالانہ 30 ارب کی سیلز ٹیکس چوری، کیمرے نہیں لگانے تو انڈسٹری بند کر دیں، ایف بی آر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک کے مختلف شعبوں میں سالانہ اربوں روپے کی ٹیکس چوری کا انکشاف ہوا ہے، ایف بی آر نے 17 شعبوں کی پیداوار...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

اوتھل: غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک جانے کی کوشش میں 35 افراد گرفتار

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل میں پولیس نے کارروائی کے دوران غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک جانے کی کوشش کرنے والے 35 افراد کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی ہدایت پر ایس ایچ او اوتھل یار محمد کمانڈو نے پولیس کے ہمراہ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی کی قیمت میں 65 پیسے فی یونٹ کمی کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئندہ ماہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے نیپرا کو بجلی کی قیمت میں 65 پیسے فی یونٹ کمی کی درخواست جمع کروا دی ہے۔ یہ درخواست ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں اکتوبر کے مہینے کے لیے کی گئی ہے۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

وکلاء ایکشن کمیٹی کا اجلاس، وفاقی آئینی عدالت کے بائیکاٹ پر اختلاف

جوڈیشری سے متعلق جو ایشو اٹھے اسے دبنے نہ دیا جائے، اعتزاز احسن کی تجویز

جمعرات کو ارجنٹ کیسز کے بعد مکمل عدالتی بائیکاٹ ہوگا، آصف نسوانہ و دیگر

لاہور (م ڈ) 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کی پہلی میٹنگ میں وفاقی آئینی عدالت کے بائیکاٹ کے مطالبے پر اختلاف سامنے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

عبایہ لازمی قرار دینے والے اسلامی بینکوں کیخلاف کارروائی کی ہدایت

اسٹیٹ بینک وضاحت دے بینک کس طرح یہ شرط لگا سکتے ہیں؟، سینیٹ قائمہ کمیٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے اسلامی بینکوں کی جانب سے خواتین اسٹاف کیلئے عبایہ لازمی قرار دینے کے خلاف اسٹیٹ بینک کو...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی تبدیلی کے حوالے سے خبر میں کوئی صداقت نہیں، سینیٹر عمر گورگیج

پارٹی کے کسی رہنما، کسی فورم یا کسی تنظیمی سطح پر وزیر اعلیٰ کی تبدیلی سے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوا، صدر پی پی بلوچستان

بلوچستان میں پیپلز پارٹی، حکومت، اتحادی جماعتوں اور اسٹیک ہولڈرز کیساتھ مل کر استحکام و ترقی کیلئے کام کر رہی ہے

کوئی بھی پالیسی فیصلہ کیا جاتا ہے تو اسے افواہوں یا غیر مصدقہ ذرائع کے ذریعے نہیں بلکہ باضابطہ سامنے لایا جاتا ہے

کوئٹہ (ن ن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر سینیٹر سردار عمر گورگیج نے اس خبر کو غیر ذمہ دارانہ اور بے بنیاد قرار...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان اپنی مدت پوری کریں گے، صادق عمرانی

حکومت اور وزیر اعلیٰ کی تبدیلی سے متعلق قیاس آرائیوں میں حقیقت نہیں

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ بلوچستان کے مسائل کے حل کو یقینی بنانے کیلئے کردار ادا کیا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر صوبائی وزیر و پارلیمانی لیڈر میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ تمام اتحادی جماعتوں کو وزیر اعلیٰ کا مکمل اعتماد حاصل ہے اور وزیر اعلیٰ اپنی مدت پوری کریں گے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی تبدیلی سے متعلق قیاس آرائیوں کو بے بنیاد من گھڑت قرار دیتے ہوئے کہا...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی آئینی عدالت، ججز ٹرانسفر کیس میں 6 رکنی لارجر بینچ تشکیل

اسلام آباد (م ڈ) وفاقی آئینی عدالت میں 5 ججز کی انٹرا کورٹ اپیل پر 6 رکنی لارجر بینچ تشکیل دے دیا گیا۔ ذرائع کے...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر اعلیٰ سندھ کی ملاقات

ملاقات میں مجموعی سیاسی صورتحال اور صوبہ سندھ کے امور پر گفتگو کی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

مخصوص نشستوں کے کیس میں اکثریتی فیصلہ درست نہیں تھا، جسٹس مندوخیل

عدالت کسی امیدوار کی سیاسی وابستگی تبدیل نہیں کر سکتی، مخصوص نشستوں پر اصل فیصلہ

41 نشستوں سے متعلق فیصلہ آئین اور حقائق سے مطابقت نہیں رکھتا، جاری کر دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مخصوص نشستوں سے متعلق کیس میں جسٹس جمال مندوخیل کا اکثریتی فیصلے پر جزوی اپیلیں منظور کرنے کا فیصلہ جاری کر دیا گیا...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

جمال خاشقجی کی بیوہ کا معافی اور معاوضے کا مطالبہ

سعودی ولی عہد کی جانب سے قتل کو 'بڑی غلطی' قرار دینا کافی نہیں

واشنگٹن (م ڈ) واشنگٹن میں سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے حالیہ دورے کے بعد جمال خاشقجی کی بیوہ حنان العتر خاشقجی نے ایک بار پھر اپنے شوہر کے قتل پر معافی...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر کوسٹ گارڈز نے 134.43 ملین ڈالر کی منشیات قبضے میں لے لی

انٹیلی جنس ذرائع کی معلومات پر گوادر کے علاقے پیشوکان اور پلیری میں کارروائی، منشیات جھاڑیوں میں چھپائی گئی تھی

برآمد کی گئی منشیات میں چرس، میتھ آئس، ہیروئن اور افیون شامل، منشیات سمندر کے راستے بیرون ملک سمگل کی جانی تھی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان کوسٹ گارڈز کے عملے نے گوادر کے علاقے پیشوکان اور پلیری میں کارروائی کرتے ہوئے 134.43 ملین ڈالر کی اعلیٰ کوالٹی کی منشیات قبضے میں لے لیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پاکستان کوسٹ گارڈز کے عملے نے انٹیلی جنس...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے عوام سے گہرے تعلقات پر فخر ہے، سعودی سفیر

نواف بن سعید المالکی سے محسن نقوی کی ملاقات، سیکورٹی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات کی۔ سعودی عرب کے سفیر نے ڈپلومیٹک انکلیو میں سعودی عرب کے سفارتخانہ آمد پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی آئینی عدالت کا سپریم کورٹ رولز 2025 کو اختیار کرنے کا فیصلہ

آئینی عدالت میں سماعت کم سے کم دو رکنی بینچ کرے گا، اسکے فیصلے کے خلاف سماعت کم از کم تین رکنی بینچ کرے گا

سپریم کورٹ کے وکلاء آئینی عدالت میں پیش ہونے کے اہل ہوں گے، چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے سپریم کورٹ رولز 2025 کو اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اطلاعات کے مطابق چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان کی زیر صدارت فل کورٹ اجلاس منعقد ہوا۔ وفاقی آئینی عدالت نے فل...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور انڈونیشیا کی انسداد دہشت گردی آپریشنز کیلئے مشترکہ فوجی مشق

مشق میں پاکستان آرمی اور انڈونیشین آرمی کی خصوصی جنگی ٹیموں نے حصہ لیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاکستان اور انڈونیشیا کی افواج نے انسداد دہشت گردی آپریشنز کی تربیت کیلئے مشترکہ مشق کامیابی سے مکمل کی اور تمام تربیتی مقاصد حاصل کر لئے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان انڈونیشیا مشترکہ فوجی...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی کارکنان اور خواتین پر تشدد حکومتی فسطائیت ہے، اسلم غوری

علیمہ خان اور ان کی بہنوں پر تشدد قابل مذمت ہے، حکمران جمہوری رویہ اپنائیں، ترجمان جے یو آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان جے یو آئی (ف) اسلم غوری نے کہا ہے کہ سیاسی کارکنان اور خواتین پر تشدد حکومتی فسطائیت ہے۔ ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ حکومت دن بدن سیاست میں تشدد کو ہوا دے رہی ہے، خواتین کی گرفتاری ہماری مشرقی روایات...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی استحکام کیلئے ضرورت پڑنے پر مزید ترامیم کریں گے، طلال چوہدری

بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سمیت کسی خاتون کی بے حرمتی نہیں کی گئی، وزیر مملکت داخلہ

جڑانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت داخلہ اینٹی نارکوٹکس سینیٹر طلال بدر چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سمیت کسی خاتون کی بے حرمتی نہیں کی گئی...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

آئین میں مزید ترامیم کی کوشش اس کا تقدس مجروح کریگی، رضا ربانی

18 ویں ترمیم سمیت 1973 کا آئین ایک متفقہ دستاویز ہے، سابق چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ آئین میں مزید ترامیم کی کوشش اس کا تقدس مجروح کرے گی۔ اپنے بیان میں رضا ربانی نے کہا کہ وفاقی حکومت کو چاہئے...... آئینی ترامیم پر گفتگو کر رہی ہیں۔

کوئٹہ: ریٹرننگ آفیسر محمد انور کاکڑ بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں کے کاغذات کی جانچ پڑتال کر رہے ہیں

عمران خان کی جی ایچ کیو حملہ کیس میں پیشی کیلئے ویڈیو لنک تیاری کا حکم

ویڈیو لنک ٹرائل کو نہیں مانتے، عدالت مشاورت کے لیے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت دے، وکیل

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کی جی ایچ کیو حملہ کیس میں پیشی کیلئے سپرنٹنڈنٹ جیل اڈیالہ کو ویڈیو لنک تیاری کا حکم دیدیا۔ جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ کے روبرو ہوئی...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کچھ لوگوں نے سیاست میں کئی سال ضائع کیے، کام محنت سے ہوتا ہے، جادو ٹونے سے نہیں ہوتے

پنجاب میں ڈیڑھ سال میں جو ترقی ہوئی اس کی مثال نہیں ملتی، صوبے کے ہر شہر میں جدید ہسپتال بنائیں گے، وزیر اعلیٰ پنجاب

میٹرو، الیکٹرک بسیں عوام کیلئے تحفہ ہے، الیکٹرک بسیں ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے میں معاون ثابت ہوں گی، تقریب سے خطاب

راولپنڈی (زاہد احمد خان) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ کام محنت سے ہوتا ہے، جادو ٹونے سے نہیں، کچھ لوگوں نے سیاست میں کئی سال ضائع کیے، کام نہیں کیا، ان کا نام لو تو بدتمیزی کا خیال آتا ہے، پنجاب میں ڈیڑھ سال میں جو ترقی ہوئی اس...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

جسٹس صداقت علی خان کی سربراہی میں 3 رکنی فل بینچ سماعت کرے گا

ترامیم اسلامی دفعات، عدالتی خود مختاری اور بنیادی حقوق کے خلاف ہیں، درخواست

لاہور (م ڈ) لاہور ہائیکورٹ میں 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف دائر درخواستیں سماعت کے لیے مقرر کر دی گئیں۔ جسٹس صداقت علی خان کی سربراہی میں 3 رکنی فل بینچ 5 دسمبر کو سماعت کرے گا۔ فل بینچ میں جسٹس جواد حسن اور جسٹس سلطان تنویر شامل ہیں۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے 3 رکنی فل بینچ تشکیل دیا تھا۔ درخواست میں وزیراعظم...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ عبداللہ، جرائم پیشہ افراد کا لیویز پوسٹ پر حملہ، انچارج شہید

کوئٹہ چمن شاہراہ پر وین چھیننے کی کوشش لیویز نے ناکام بنادی، ملزمان اپنی گاڑی چھوڑ کر فرار، مقامی افراد نے آگ لگادی

جرائم پیشہ افراد کی قریبی پہاڑوں میں پناہ گاہ کا محاصرہ کر لیا، سرغنہ فقیر محمد کی زندہ یا مردہ گرفتاری کیلئے آپریشن جاری، ڈی سی

کوئٹہ (این این آئی) قلعہ عبداللہ میں جرائم پیشہ افراد کے لیویز پوسٹ پر حملے کے نتیجے میں پوسٹ انچارج شہید ہوگئے۔ ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ کے مطابق جرائم پیشہ افراد کوئٹہ چمن شاہراہ پر لوٹ مار کر رہے تھے، اس دوران وین چھیننے کی کوشش ناکام بنائی گئی تو ملزمان...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی سرزمین ادبی، ثقافتی سرمایے سے مالا مال ہے، ڈاکٹر نجیبہ عارف

بلوچی، براہوئی، پشتو، فارسی، پنجابی، ہزارگی کے قلم کار زبان و ادب کی بے لوث خدمت کر رہے ہیں، چیئرپرسن اکادمی ادبیات پاکستان

نوجوان لکھاری رشین، انگریزی، جاپانی زبانوں کے ادب کو قومی زبانوں میں ترجمے کے ذریعے منتقل قاری تک پہنچائیں، منیر بادینی

ہماری زبانیں کسی سے پیچھے نہیں، ان میں محنت کرنے کی زیادہ ضرورت ہے، ایوب بلوچ، افضل مراد و دیگر کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کی جانب سے اہل قلم کے ساتھ ایک نشست کا انعقاد کیا گیا اور اس نشست کی صدارت اکادمی ادبیات پاکستان کی چیئرپرسن ڈاکٹر نجیبہ عارف نے کی اور اس نشست کا عنوان "بلوچستان کے اہل قلم سے مکالمہ" ... اس نشست کے مہمانان خصوصی میں بلوچستان کے نامور ادباء اور شعراء نے شرکت کی جن میں سابق چیف سیکرٹری ...

... پروفیسر ڈاکٹر نجیبہ عارف نے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین ادب اور ثقافت کے حوالے سے مالا مال ہے۔ قومی زبانوں بلوچی، براہوئی، پشتو، فارسی، پنجابی، ہزارگی کے قلم کار زبان و ادب کی بے لوث خدمت کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے یہاں کے نامور لکھاری جن میں عطاء شاد، عین سلام، پروفیسر عبداللہ جان جمالدینی، پروفیسر نادر قمبرانی، پروفیسر فاروق احمد اور دیگر قلم کاروں نے اردو میں بہت کچھ لکھا ... آج براہوئی ادب میں بہت کچھ لکھا جا رہا ہے اور براہوئی ادب میں افسانے، ناول اور بہت اچھی شاعری ہو رہی ہے ... اکادمی ادبیات کوئٹہ زبانوں کی ترویج و ترقی کے لیے کام کر رہی ہے۔ یہاں کے ادباء اور شعراء کو اکادمی ادبیات نے ایک پلیٹ فارم مہیا کیا ہے اور اسی طرح معذور اور مالی مشکلات میں جو ادباء اور شعراء ہیں ان کی مالی مدد بھی کر رہی ہے اور ماہانہ انہیں اعزازیہ بھی دیا جا رہا ہے۔

لورالائی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قبائلی رہنما سردار معصوم ترین روایتی بلوچی پگڑی پہنا کر مصافحہ کر رہے ہیں

35 ویں نیشنل گیمز کراچی 2025 میں شرکت کیلئے ٹیموں کے اوپن ٹرائل شروع

خواتین ٹیم کا اوپن ٹرائل 21 نومبر دوپہر 1 بجے کاظمی اسپورٹس کمپلیکس ہزارہ ٹاؤن میں ہوگا

مرد کھلاڑیوں کا اوپن ٹرائل بروز ہفتہ 22 نومبر صبح 9 بجے تاجی خان اسپورٹس کمپلیکس علمدار روڈ میں ہوگا

کوئٹہ (پ ر) 35 ویں نیشنل گیمز کراچی 2025 کے سلسلے میں خواتین ٹیم کا اوپن ٹرائل بروز جمعہ 21 نومبر دوپہر 1 بجے کاظمی اسپورٹس کمپلیکس ہزارہ ٹاؤن میں جبکہ میل مرد کھلاڑیوں کا اوپن ٹرائل بروز ہفتہ 22 نومبر صبح 9 بجے تاجی خان اسپورٹس کمپلیکس علمدار روڈ میں ہوگا تمام میل اور فی میل کھلاڑی اپنے اصلی ڈاکومنٹس کے ساتھ مقررہ تاریخ کو تشریف لائیں ٹرائل میں وہ تمام ساندا اویٹ کھلاڑیز اور تاؤلو کھلاڑیز شامل ہونگے جو نیشنل گیمز کراچی 2025 میں شامل ہیں ٹرائلز پاکستان ووشو فیڈریشن سے منتخب کردہ سلیکشن کمیٹی کے زیر نگرانی میں ہونگے مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے بلوچستان ووشو ایسوسی ایشن کے نمائندے سے رابطہ کریں۔

اشیا خورد و نوش کی قیمتوں میں استحکام شہریوں کا بنیادی حق ہیں، ڈی سی کوئٹہ

اجلاس میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کی تجزیاتی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مٹن، بیف، مرغی، چینی، دودھ اور دہی کی قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محکموں کو ایک ہفتے میں جامع تجزیاتی رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کی گئی۔ بلاجواز اضافہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی اور مارکیٹ مانیٹرنگ کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دینے پر اتفاق ہوا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مستحکم اور منصفانہ قیمتیں شہریوں کا بنیادی حق ہیں۔

صوبائی سیکرٹریز، پیپلز پارٹی کے رہنما آغا شکیل درانی و دیگر اعلیٰ حکام اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھ رہے ہیں

بخت محمد کاکڑ نے بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کروائے ہیں، علاقہ مکین

نواں کلی کوتوال میں ترقیاتی کام کروا کر صوبائی وزیر صحت عوام کے اعتماد پر پورا اتر رہے ہیں

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) حلقہ پی بی 49 نواں کلی کوتوال اور اس کے اطراف میں رکن صوبائی اسمبلی بخت محمد کاکڑ کے جاری ترقیاتی کاموں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے علاقہ مکین حاجی صاحب جان کاکڑ، جاوید اختر زیارت وال، رشید احمد، اختر جان، جانان سالائی و دیگر نے بتایا ہے کہ نواں کلی میں روڈ پر ترقیاتی کام کی جتنی تعریف کی جائے وہ کم ہے، کیونکہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مختصر مدت میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جب سے رکن صوبائی اسمبلی نے وزارت کا چارج سنبھالا ہے تب سے انہوں نے نواں کلی سمیت اپنے حلقہ میں جہاں کہیں اس کے ریچ میں آتا ہے وہاں ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا ہے جن میں پختہ سڑکیں، سکولوں کی مرمت، ہیلتھ کے مراکز وغیرہ کی تعمیر مرمت کا کام کیا ہے جبکہ متعدد ایسے منصوبے ہیں جن پر عنقریب کام کا آغاز کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے علاقے کے تمام دیرینہ مسائل پر اس وقت کام آغاز کروایا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں صوبائی وزیر کے پینل کو سپورٹ کرے تاکہ حلقہ کے ترقی کیلئے عملی بنیادوں پر مزید کام کیا جا سکے۔

خاندانی منصوبہ بندی ماں اور بچے کی صحت کو تحفظ دیتی ہے، محمد ایوب بنگلزئی

بڑھتی ہوئی آبادی پر کنٹرول پانے کیلئے شراکت داروں کو ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کے ایڈیشنل سیکرٹری محمد ایوب بنگلزئی، ڈائریکٹر پلاننگ عبدالستار شاہوانی، آر ٹی اے کی ڈپٹی پرنسپل طاہرہ جعفر، جمعہ خان، لطیف محمد حسنی، حبیبہ جمعہ نے کہا ہے کہ خاندانی منصوبہ بندی نہ صرف ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ ملک کی پائیدار ترقی اور خوشحال معاشرے کی بنیاد بھی ہے، بڑھتی ہوئی آبادی پر کنٹرول پانے کیلئے تمام شراکت داروں کو ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو محکمہ سوشل ویلفیئر اور یو این ایف پی اے کے زیر اہتمام سوشل موبلائزر کی ٹریننگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت بلوچستان میں ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر 34، تحصیل پاپولیشن ویلفیئر آفیسر 18، فیملی ویلفیئر سینٹر 210، تولیدی صحت کی خدمات کے مراکز 12، موبائل سروس یونٹ 56، سوشل موبلائزر (میل 450، ریجنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ ایک کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل موبلائزر کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ فیملی پلاننگ پر عملدرآمد کرنے والے شادی شدہ جوڑوں کی تمام معلومات راز میں رکھیں اور انہیں ہر قسم کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت بلوچستان زچگی کے دوران 1 لاکھ میں سے 298 مائیں اپنی جان گنوا بیٹھتی ہیں صوبے میں زچگی کے دوران شرح اموات کم کرنے کیلئے محکمہ پاپولیشن، محکمہ صحت، یو این ایف پی اے اور دیگر شراکت داروں کو ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

سرجیکل ٹاور کے حوالے سے وزیر صحت کے بیان کی مذمت کرتے ہیں، ینگ ڈاکٹرز

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان صوبائی وزیر صحت کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری کی گئی اس ویڈیو کو سختی سے مسترد کرتی ہے جس میں انہوں نے سرجیکل ٹاور نہ بنانے کی وجہ "پیسہ نہیں" اور "وقت نہیں" قرار دی۔ یہ بیان نہ صرف حقیقت کے منافی ہے بلکہ عوامی شعور کی توہین بھی ہے۔ وقت نہ ہونے کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ منصوبہ شروع ہی نہ کیا جائے۔ صحت عامہ ایسے منصوبوں کی تکمیل حکومت کے دورِ اقتدار سے بالاتر ہو کر عوام کا بنیادی حق ہے۔ عوامی منصوبے افراد یا حکومتوں کے لیے نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ہوتے ہیں، اس لیے یہ منطق کہ وقت نہیں انتہائی ناقص، غیر پیشہ ورانہ اور عوام دشمن ہے۔ دوسری جانب ENT، نیورو سرجری، کیمیکل سرجیکل وارڈ کو بغیر ٹینڈر، بغیر قانونی طریقہ کار اور بغیر منظوری کے مسمار کرنا، اور اس کے اندر موجود قیمتی و حساس طبی آلات کو غائب کرنا ایک کھلی بدعنوانی اور سرکاری املاک کی لوٹ مار ہے۔ یہ تمام عمل منظم انداز میں کیا گیا۔

کوئٹہ، سیاسی و سماجی شخصیت نعیم احمد مدنی، محمد کامران مدنی سے مظلوم پارٹی کے چیئرمین صادق ادوزئی بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

پشتونخوامیپ کوئٹہ کا اجلاس آج مرکزی سیکرٹریٹ میں ہوگا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیوز کا اجلاس آج 20 نومبر بروز جمعرات پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا۔ ضلع ایگزیکٹیوز کے تمام اراکین کو بروقت اجلاس میں شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔ اجلاس میں خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے شہادت کی 52 ویں برسی کے جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا جائیگا اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی کی جانب سے 21 نومبر بروز جمعہ کو یوم سیاہ کے اعلان کے حوالے سے تیاری کی جائیگی۔

پارٹی کو یرغمال بنانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، جہانگیر شاہ

مسائل حل نہ ہونے کی وجہ سے کارکنوں میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنماؤں سید جہانگیر شاہ، قدیر بلوچ، اسرار عیسیٰ زئی، سلمان خان، بلال احمد، عبدالمالک سالائی، رفیق بنگش، غلام جان بلوچ، خالد ابڑو، ارشد علی، میر عثمان رند نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کو یرغمال بنانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، کارکنوں کے مسائل حل نہ ہونے کی وجہ سے ان میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے کارکن اپنے مسائل کے حل کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ پارٹی کے قائد میاں محمد نواز شریف اور وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف بلوچستان میں پارٹی کارکنوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا نوٹس لیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو مسلم لیگ (ن) میں نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کی کارکردگی بدولت مسلم لیگ (ن) بلوچستان میں فعال اور منظم ہو رہی ہے صوبائی صدر کو چاہئے کہ وہ وزراء اور ارکان اسمبلی کو پابند کریں کہ وہ پارٹی کے کارکنوں کے مسائل حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کا جنرل سیکرٹری بلوچ ہونا چاہئے کیونکہ صدر پشتون ہے صوبے کی روایت رہی ہے اگر صدر پشتون ہے تو جنرل سیکرٹری بلوچ ہوتا ہے پارٹی کے قائد میاں محمد نواز شریف صوبے کے بلوچ علاقے سے تعلق رکھنے والے پارٹی کے صوبائی وزراء، میر شعیب نوشیروانی، سردار عبدالرحمن کھیتران یا میر عاصم کرد گیلو میں سے کسی کو جنرل سیکرٹری نامزد کریں۔

پشتونخوا نیپ مرکزی کمیٹی کے رکن سید عبداللہ آغا کے والد انتقال

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن ضلع معاون سیکرٹری سید عبداللہ آغا، سید نعمت اللہ آغا، سید حافظ رحمت اللہ آغا کے والد سید عبدالنبی آغا قضائے الٰہی سے وفات کر گئے۔ مرحوم کو آبائی قبرستان پشین کلی کوز شغرئی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کے نماز جنازہ، تجہیز و تدفین کے مراسم میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عیسیٰ روشان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری علی محمد ترین، سید احسان آغا، قیاس افغان، سادات قبائل کے سربراہ سردار بشیر شاہ آغا، پیر شمس اللہ، رفیع اللہ آغا، یوسف آغا، عصمت اللہ ترین، رضا محمد ترین، فرحان کاکڑ، نظر جان ترین، سید سمیع اللہ آغا شکرزئی، منظور خان علماء کرام، قبائلی عمائدین اور پارٹی کارکنوں اور عام عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

کمشنر کوئٹہ شاہزیب خان کاکڑ کو اچکزئی روڈ پر جدید سہولیات سے آراستہ ٹوتعمیر ٹرانسپورٹ سنٹر کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

پی ایس او کے زیر اہتمام جامعہ بلوچستان میں علاقائی کانفرنس کا انعقاد

سینکڑوں منتخب مندوبین، طلباء، نمائندگان، اور پارٹی رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پی ایس او) بلوچستان یونیورسٹی کے زیر اہتمام کوئٹہ میں علاقائی کانفرنس صوبائی سیکرٹری وارث افغان کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس دو حصوں پر مشتمل تھی۔ بند اجلاس اور کھلا اجلاس جن میں پی ایس او کے سینکڑوں منتخب مندوبین، طلباء نمائندگان، اور پارٹی قیادت نے بھرپور شرکت کی۔ کانفرنس کے نظامت کے فرائض پی ایس او کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات وحدت افغان نے سرانجام دیئے جبکہ مامون شعور نے گزشتہ سال کی جامع تنظیمی کارکردگی رپورٹ پیش کی، جس میں تنظیمی ڈھانچے کی مضبوطی، کیمپس کی سطح پر سرگرمیوں، طلباء کے مسائل، اور سیاسی تربیت سے متعلق اہم نکات شامل تھے۔ کانفرنس کے تمام مندوبین نے متفقہ طور پر اس رپورٹ کی منظوری دی۔ اسی طرح پی ایس او طالبات یونٹ کی نمائندہ ولارب زلاند نے بھی طالبات یونٹ کی کارکردگی رپورٹ پیش کی، جسے شرکائے کانفرنس نے سراہا اور منظور کیا۔ کانفرنس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے بھی خصوصی شرکت کی، جن میں مرکزی سینئر سیکرٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی سمیت متعدد تنظیمی عہدیداران شامل تھے۔

ایم سی ٹیکس برانچ نے کرایہ داران اور لیز داران کو حتمی نوٹس جاری کر دیے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ٹیکس برانچ نے اپنے کرایہ داران اور لیز داران کو بذریعہ اخبار اشتہار اور بذریعہ نوٹس حتمی طور پر آگاہ کر دیا ہے، کہ نادہندگان کیخلاف اب سخت قانونی کارروائی ہوگی، جس میں دکان سیل کرنے کے ساتھ ساتھ قبضہ بھی واگزار کرایا جائے گا، نادہندگان کیخلاف ریونیو ایکٹ کے تحت ریکوری بھی کی جائے گی، اس ضمن میں آئندہ چند دنوں کے دوران نہیں جمع کرانے پر دکانیں سیل کرینگے۔

عوام کے تحفظ بی سی اہلکاروں کی فلاح پر توجہ دی جا رہی ہے، کمانڈنٹ بی سی

چارج سنبھالنے کے بعد جوانوں کیلئے دفاتر اور نئی بیرکس بنا کر جوانوں کو سہولیات فراہم کر دی

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل IGR/ کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے بلوچستان کانسٹیبلری کا بطور کمانڈنٹ چارج سنبھالنے کے بعد ترقیاتی کاموں پر توجہ دیتے ہوئے جوانوں کیلئے دفاتر اور نئی بیرکس بنا کر جوانوں کو سہولیات فراہم کر دی ہیں۔ جس سے جوانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ ایڈیشنل IGR/ کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے اپنی ذاتی دلچسپی سے تمام کام مکمل کیے اس کے علاوہ جوانوں کی ویلفیئر کیلئے رات دن کام کر رہے ہیں۔ ایڈیشنل IGR/ کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے کہا کہ عوام کا تحفظ ہماری اولین ترجیح میں شامل ہے۔ تاکہ عوام سکون کا سانس لے سکیں۔

ٹرانسفر مافیا کیلئے جلسے کا انعقاد افسوسناک ہے، یونائیٹڈ لیبر فرنٹ

سیکرٹری پاور معاملے کا نوٹس لے کر نیا انتظامی سربراہ تعینات کریں، ترجمان

کوئٹہ (پ ر) یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کیسکو بلوچستان کے ترجمان نے کہا ہے کہ سیفٹی سیمینار کے نام پر ٹرانسفر مافیا کیلئے جلسے کا انعقاد کیسکو کمپنی کیلئے انتہائی نقصان دہ ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ... اسی طرح کیسکو کو تباہی کے دہانے پر پہنچانے والے عناصر کے لیے سہولت کاری کی بجائے ان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔ یہاں جاری ہونے والے بیان میں یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کیسکو بلوچستان کے ترجمان نے کہا ہے کہ مزدور دشمن، ادارہ دشمن مافیا کیلئے سیفٹی سیمینار کے نام پر جلسے کرا کر اس مافیا کو انتظامیہ کی طرف سے مکمل حمایت ... اس سیمینار کا مقصد کیا ہے ادارے کے سربراہ اور انتظامیہ کے اقدامات سینٹر ایکٹ لیبر قوانین و دیگر ...

پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر و چیئرمین الیکشن کمیٹی صوبائی مشیر نسیم الرحمان ملاخیل بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان شیعہ کانفرنس کے وفد کی ڈی آئی جی کوئٹہ سے ملاقات

صدر عاشق حسین ہزارہ نے عہدہ سنبھالنے پر مبارک اور تعاون کا یقین دلایا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر عاشق حسین ہزارہ نے اپنے کابینہ اراکین کے ساتھ ڈی آئی جی کوئٹہ سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں بلوچستان کے سیکیورٹی ایشوز اور جلوس شہادت شہزادی کونین حضرت بی بی فاطمہ الزہرا پر بات چیت ہوئی۔ صدر عاشق حسین ہزارہ نے ڈی آئی جی کوئٹہ کو ان کا عہدہ سنبھالنے پر خوش آمدید کہا اور اپنے تعاون کا یقین دلایا۔

میر حمزہ محمد شہی اور کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، داد محمد بلوچ

ملازمین ایک باصلاحیت اور مسائل سے آگاہ قیادت پر اعتماد کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری داد محمد بلوچ نے سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں کامیابی پر امیر حمزہ محمد شہی اور ان کی مکمل کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے جاری بیان میں کہا کہ ایسوسی ایشن کے نومنتخب کابینہ کی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ سرکاری ملازمین ایک باصلاحیت اور مسائل سے آگاہ قیادت پر اعتماد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ معاشی دباؤ، ادارہ جاتی کمزوریاں اور پیچیدگیاں سرکاری ملازمین کے لیے سنگین مسائل پیدا کر رہی ہیں۔ ایسے حالات میں افسران کی منتخب قیادت پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ملازمین کی آواز کو مؤثر انداز میں ایوانوں تک پہنچائے اور اداروں میں شفافیت، میرٹ اور کارکردگی کو فروغ دینے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔ داد محمد بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی ہمیشہ محنت کش و سرکاری ملازمین کی حقیقی نمائندہ رہی ہے۔

کوئٹہ، بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے اے این پی کے یوسی 35 اور 36 کے امیدواران حسن رضا، غلام نبی و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

بزرگ شخصیت حاجی رمضان شاہیزئی رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) بزرگ شخصیت حاجی رمضان شاہیزئی رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ مرحوم جمعیت علماء اسلام تحصیل بارنی کے امیر مولوی شادی خان، علم خان، ناصر خان، حافظ مراد علی خان اور رحیم خان کے والد تھے ... حاجی عبدالرحمن مرحوم کے بھائی، حاجی الفونی مرحوم کے بھتیجے اور یونین وائس چیئرمین بادینی حافظ محمد خان مظہری، ملک نظر خان شاہیزئی، مولوی عبدالمنان اور شیر عباس کے چچا تھے۔

ڈاکٹر اکبر پانیزئی کی فاتحہ خوانی شہباز ٹاؤن جامعہ مسجد گراؤنڈ میں جاری ہے

کوئٹہ (پ ر) مرحوم خان بہادر سردار حاجی وہاب خان پانیزئی کے پوتے اور مرحوم سردار عبداللہ خان کے فرزند تھے۔ وہ مرحوم سردار امیر محمد پانیزئی، مرحوم سردار صالح محمد پانیزئی (سابق ڈپٹی کمشنر)، مرحوم سردار دوست محمد پانیزئی، مرحوم نذر محمد، اختر محمد پانیزئی اور پروفیسر سرور صاحب کے بھائی تھے۔ فاتحہ خوانی کا آخری دن آج 20 نومبر بروز جمعرات ہے۔

جھوٹی اور من گھڑت ایف آئی آر سے مرعوب نہیں ہونگے، عالم کاکڑ

بے بنیاد ایف آئی آر میں نام شامل کر کے مجھے انتقامی کارروائی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عالم خان کاکڑ نے کہا ہے کہ جھوٹی اور من گھڑت ایف آئی آر سے مرعوب نہیں ہونگے آئی جی پولیس اور دیگر حکام بالا آئی آر درج کرنے کا نوٹس لیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں عالم خان کاکڑ نے کہا کہ گزشتہ دنوں قائد آباد پولیس اسٹیشن میں مجھے بلاجواز 11 گھنٹے تک حبس بے جا میں رکھا گیا جب میں نے میڈیا کے ذریعے انصاف کے حصول کیلئے آواز بلند کی تو گزشتہ روز پشین میں میرے خلاف اور ایک اور جھوٹی اور بے بنیاد ایف آئی آر میں میرا نام شامل کر کے مجھے انتقامی کارروائی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی ماہ سے میں پشین نہیں گیا لیکن اسکے باوجود پشین میں ایف آئی آر میں میرا نام شامل کرنا بدنیتی پر مبنی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس میں موجود چند عناصر سیاسی کارکنوں کو دبانے کیلئے جھوٹی ایف آئی آر کا سہارا لے رہے ہیں لیکن ہم جھوٹی ایف آئی آر سے مرعوب نہیں ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ آئی جی پولیس اور دیگر حکام بالا میرے خلاف جھوٹی ایف آئی آر کا نوٹس لیں۔

بلوچستان کے سینئر صحافی میاں محمد صدیق کی 7 ویں برسی منائی گئی

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کے جید صحافی، مقامی روزنامہ کے سینئر سب ایڈیٹر، اور صوبے کے متحرک سماجی کارکن میاں محمد صدیق کو ہم سے بچھڑے سات سال بیت گئے۔ وہ مختصر علالت کے بعد 19 نومبر 2018 کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے تھے۔ میاں محمد صدیق نہایت خوش اخلاق، محبت کرنے والے اور درد دل رکھنے والے انسان تھے۔ دوسروں کے دکھ درد کو اپنا درد سمجھتے۔ اگر کوئی کوئیگ یا واقف کار بیمار ہوتا تو اسے ڈاکٹر تک لے جانا، ادویات فراہم کرنا اور اس کی مکمل دیکھ بھال کرنا ان کی شخصیت کا نمایاں وصف تھا۔ اگر کوئی ساتھی پریشان ہوتا تو وجہ معلوم کر کے حتی المقدور مدد کرتے۔ وہ حد درجہ بزلہ سنج، بچوں کے ساتھ بچے اور بڑوں کے ساتھ بڑے ہو جانے والی سادہ طبیعت کے مالک تھے۔ انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں سے بھی محبت رکھتے تھے۔ ... دھماکے میں زخمی ہونے والے ایک گدھے کا کئی روز تک علاج کراتے رہے، اسے ویٹرنری اسپتال پہنچایا، مرہم پٹی کرواتے رہے، اور اس کی وفات پر بے حد افسردہ ہوئے۔ روزنامہ جنگ کوئٹہ آمد پر وہ ہمیشہ گھر سے بنا ہوا کھانا لاتے اور ساتھیوں کے ساتھ مل بیٹھ کر کھاتے۔ کچھ اتنے تھے کہ دو سے تین ماہ بعد دوستوں کی گھر پر دعوت کرنا ان کا معمول تھا۔

بلدیاتی انتخابات میں مظلوم عوامی تحریک بھرپور حصہ لے گی، عباس درانی

چاروں تحصیل ٹاؤن کے یونین کونسلوں کے نامزد امیدواروں کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے مرکزی صدر عباس خان درانی نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں مظلوم عوامی تحریک پاکستان بھرپور کامیابی حاصل کرتے کوئٹہ کے عوام کو سرپرائز دیگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج اس کے ہاؤس کوئٹہ میں پارٹی کے نامزد امیدواروں کے ایک اہم ترین اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مظلوم عوامی تحریک کے کوئٹہ کے چاروں تحصیل ٹاؤن کے یونین کونسلوں کے تمام نامزد امیدواروں نے اجلاس میں بھرپور شرکت کی عباس خان درانی نے نامزد امیدواروں سے کہا کہ وہ اپنے وارڈوں میں بھرپور انداز میں عوامی رابطہ مہم شروع کریں انشاء اللہ تعالیٰ مظلوم عوامی تحریک پاکستان اپنے محبوب چیئرمین مشر صادق خان اچکزئی کی عادت میں غیر متوقع طور پر شاندار کامیابی حاصل کرے گی کیونکہ کوئٹہ کے عوام نے ان لوگوں کو مسترد کر دیا ہے۔

عوامی مسائل حل کرنے کی بجائے اراکین اسمبلی ٹھیکیداری کر رہے ہیں، رحیم کاکڑ

فارم 47 کے ممبران اسمبلی کے فلور پر ہوائی جہاز کے ٹکٹوں پر شور شرابہ کرنے کی مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق سینیٹر ناظم رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ جمیل، بوستان ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ، ضیاء الحق ایڈووکیٹ، آغا ارشاد اچکزئی، سردار بہلول احمد اور نام نہاد فارم 47 کے ممبران اسمبلی کے فلور پر ہوائی جہاز کے ٹکٹوں پر شور شرابہ کرنے کی مذمت کرتے ہیں ... صوبے میں دہشتگردی، بے روزگاری، لوٹ مار اور معاشرتی ناہمواری، معاشی بدحالی پر اسمبلی میں شور شرابہ کرتے تو قابل مذمت ہوتا یہ سب صرف اور صرف ٹھیکیداری لوٹ مار اور اب ہوائی جہاز کے کرایہ پر شور شرابہ کر رہے ہیں ... افسوس کا اظہار کیا ہے کہ کاش وزیر اعلیٰ اور ممبران اسمبلی انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے۔

پی ایم اے کے انتخابات کے لیے دو پینلز نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے ہیں، ڈاکٹر عابد

کوئی اعتراض موصول نہ ہونے پر مکمل جانچ پڑتال کے بعد تمام کاغذات نامزدگی منظور کر لیے گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کوئٹہ برانچ کے الیکشن کمیشن کا اجلاس پروفیسر ڈاکٹر عابد کی زیر صدارت منعقد ہوا ... کے مطابق، الیکشن کمیشن یہ اعلان کرتا ہے کہ مقررہ تاریخ اور وقت کے اندر دو پینلز نے اپنے کاغذات نامزدگی باقاعدہ طور پر جمع کرائے ...

ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد بی سی ہیڈکوارٹرز میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

TENDER NOTICE

TSE-252611912223 **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REHABILITATION AND ADDITIONAL WORK OF JUM KHANNA BALMIK MANDIR QUETTA	9,900,921

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 6,930,644 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) . Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest not blacklisted no major litigation no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract Bidder must have completed at least 3 similar projects each with cost not less than 75 percent of the estimated cost undertaking and completed during the last 5 years (sublet/ Sub contracting is not acceptable) CDR and Green Challan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 05 December, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 05 December, 2025till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM Address: New Zarghoon Road Phone no: 0819211904

Fax no: 0819211904 Email: engr.inam2011@gmail.com

PRQ No.2454/19-11-2025

EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Executive Engineer, Public Health Engineering Division Quetta are invites the tenders from the approved Government Contractors.

Tender Fee 1500/-, Bid Security 2% in shape of Call deposit

S#	NAME OF WORK	E/Cost
1	SUPPLY AND INSTALLTION OF PUMPING MACHINERY FOR WATER SUPPLY SCHEME NAWA KILLI PHASE-1 QUETTA	
I.	Supply and installation of Pumping Machinery 1-Set TSE-252611912343	3.960-M

The procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **ELIGIBILITY**: - a. Three Years Relevant Work Experience in PHE Department. b. Turn-Over of at least three years showing financial capacity of the firm. c. The contractor must have registration with tax authorities i.e (NTN Sales tax department and Baluchistan Revenue Authority/BSTS) valid registration with Pakistan Engineering council in relevant category who have deposited enlistment/renewal fee for the year 2025-2026. Tender fee deposited in head of account C0272602 through green challah form original in State Bank of Pakistan/National Bank of Pakistan Quetta Rs, 1500 and 1000 of each work detail given as above. e. The detail of each works are available on B-PPRA website. **Method of Procurement:** - Single stage, one envelop procedure will be adopted. **Bidding/Tender documents**: - **Issuance.** The tender form/documents will be issued to bidders/contractors on publishing of notice in newspapers upto **03-12-2025** 11:00 A.M from the presentation of requisite documents i.e tender fee (Non-refundable). Bid Security/Earnest money 2% in shape of call deposit. The tenders will be open in presence of all bidders/firms. **Submission**:- Last date for submission is 03-12-2025 at 11:00 A.M **Opening**:- The tender will be opened on 03-12-2025 at 12:00 P.M Place of Issuance, submission, inquiry and opening will be:- Address:- office of the Executive Engineer PHE Division jail road near Marker Factory Quetta.

Telephone No.9201431 and 9201228

E-mail Address:- XEN-phequetta@gmail.com. It may be noted that no pay order will be accepted/entertained and Firm complete title name should be written on call deposit. Only original contractor are allowed to participate in the tenders with original CNIC. Agent/Representative will not be allowed. CONDITIONS. **All the terms and conditions/site of the detail works can be seen/obtain from the office of the undersigned in any office hours.**

PRQ No.2458/19-11-2025

Executive Engineer, Public Health Engineering Division Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

میونسپل کارپوریشن خضدار میں مندرجہ ذیل خالی آسامیوں پر براہ راست بھرتی کے لئے ضلع خضدار کے لوکل / ڈومیسائل باشندوں سے درج ذیل شرائط کے تحت درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام اسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت	کیفیت
۱	سینیٹری سپروائزر	BPS-6	۱	میٹرک	---------
۲	ڈرائیور (HTV)	BPS-6	۱	پرائمری	ہیوی ڈرائیونگ لائسنس لازمی ہے
۳	الیکٹریشن	BPS-4	۱	میٹرک	متعلقہ شعبہ میں ڈپلومہ کے حامل امیدوار کو ترجیح دی جائے گی۔
۴	فائر مین	BPS-4	۲	پرائمری	---------
۵	بیلدار	BPS-1	۳	پرائمری	---------
۶	نائب قاصد	BPS-1	۲	پرائمری	---------
۷	چوکیدار	BPS-1	۳	پرائمری	---------
۸	مالی	BPS-1	۳	پرائمری	---------
۹	خاکروب	BPS-1	۵	پرائمری	اقلیتی امیدوار کو ترجیح دی جائے گی

شرائط: (1) امیدوار کی عمر 18 سال سے کم اور 33 سال سے زائد نہ ہو۔ البتہ سرکاری قوانین کے تحت عمر میں دس (10) سال کی مزید رعایت موجود ہے (2) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواست جمع کرا سکتے ہیں (3) درخواست بنام زیر دستخطی ہمراہ قومی شناختی کارڈ، لوکل / ڈومیسائل سرٹیفکیٹ و تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ نقول اور دو عدد حالیہ تصویر مورخہ 02 دسمبر 2025ء تک میونسپل کارپوریشن خضدار میں جمع کرائی جا سکتی ہیں (4) ایسی درخواستیں جن کے ہمراہ غیر مصدقہ دستاویزات منسلک ہوں ناقابل قبول ہوں گی (5) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں ناقابل قبول تصور ہوں گی (6) مشتہرہ بالا آسامیوں پر بھرتی کیلئے اہل امیدواروں سے زبانی امتحان / انٹرویو مورخہ (12) دسمبر 2025ء بمقام بلدیہ ریسٹ ہاؤس میں لیا جائے گا۔ جس کے لئے امیدوار کا اپنا اصل شناختی کارڈ و دیگر اسناد ہمراہ لانا لازمی ہوگا (7) انٹرویو کے لئے آنے والے امیدواران کو کسی قسم کا سفری خرچ ادا نہیں کیا جائے گا۔

چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار

AB No 482/19-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

ضلع کونسل خضدار میں مندرجہ ذیل خالی آسامیوں پر براہ راست بھرتی کے لئے ضلع خضدار کے لوکل / ڈومیسائل باشندوں سے درج ذیل شرائط کے تحت درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام اسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت	کیفیت
۱	ڈرائیور (HTV)	BPS-6	۲	میٹرک	ہیوی ڈرائیونگ لائسنس لازمی ہے
۲	ڈرائیور (LTV)	BPS-4	۲	پرائمری	ڈرائیونگ لائسنس لازمی ہے
۳	ہیلپر	BPS-1	۲	پرائمری	---------
۴	نائب قاصد	BPS-1	۲	پرائمری	---------
۵	چوکیدار	BPS-1	۲	پرائمری	---------
۶	مالی	BPS-1	۱	پرائمری	---------

شرائط: (1) امیدوار کی عمر 18 سال سے کم اور 33 سال سے زائد نہ ہو۔ البتہ سرکاری قوانین کے تحت عمر میں دس (10) سال کی مزید رعایت موجود ہے (2) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواست جمع کرا سکتے ہیں (3) درخواست بنام زیر دستخطی ہمراہ قومی شناختی کارڈ، لوکل / ڈومیسائل سرٹیفکیٹ و تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ نقول اور دو عدد حالیہ تصویر مورخہ 02 دسمبر 2025ء تک ضلع کونسل میں جمع کرائی جا سکتی ہیں (4) ایسی درخواستیں جن کے ہمراہ غیر مصدقہ دستاویزات منسلک ہوں ناقابل قبول ہوں گی (5) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں ناقابل قبول تصور ہوں گی۔ (6) مشتہرہ بالا آسامیوں پر بھرتی کیلئے اہل امیدواروں سے زبانی امتحان / انٹرویو مورخہ (11) دسمبر 2025ء بمقام ضلع کونسل ہال خضدار میں لیا جائے گا۔ جس کے لئے امیدوار کا اپنا اصل شناختی کارڈ و دیگر اسناد ہمراہ لانا لازمی ہوگا (7) انٹرویو کے لئے آنے والے امیدواران کو کسی قسم کا سفری خرچ ادا نہیں کیا جائے گا۔

چیف آفیسر ضلع کونسل خضدار

AB No 481/19-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ہر مستحق خاتون کا انفرادی بینک اکاؤنٹ قائم کیا جائے گا، بی آئی ایس پی

مستحقین کی بھی پارٹنر شپ کے اپنی رقم نکلوا سکیں گی، خواتین 31 دسمبر تک قریبی دفتر یا مارکیٹ پلیس سائٹ سے مفت سم حاصل کر لیں

موبائل پر پیکیجز والٹ کے پائلٹ فیز میں 22 ہزار سے زائد سم تقسیم کی گئیں، سید عمران اور سینیٹر روبینہ خالد کو اجلاس میں بریفنگ

اسلام آباد (نیوز رپورٹ ،مانیٹرنگ ڈیسک) بی آئی ایس پی نے خواتین کو بااختیار بنانے کی سمت ایک اور بڑا قدم اٹھاتے ہوئے ہر مستحق خاتون کا انفرادی بینک اکاؤنٹ قائم کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ اس اقدام کے تحت ہر خاتون کو اپنی رقم نکلوانے کے لیے کسی دفتر یا بینک کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ وہ موبائل فون کے ذریعے ہی اپنی رقم تک رسائی حاصل کر سکیں گی۔ یہ فیصلہ بدھ کے روز بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا گیا، جس کی صدارت وزیراعظم کے مشیر برائے سماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ اور چیئرمین بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اب تک 10.6 ملین خواتین میں سم کی تقسیم کا ہدف اس منصوبے کو پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا مالیاتی رسائی کا پروگرام بنا دے گا۔ حکام نے بتایا کہ خواتین کے لیے مستقبل خواتین میں مفت سم کی تقسیم کا جائزہ اجلاس میں پیش کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مستحق خواتین میں مفت سم کی تقسیم کا پہلا مرحلہ مکمل کر لیا گیا ہے۔ اس مرحلے میں 22 ہزار سے زائد سم کارڈز تقسیم کیے گئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ آپ کی ملک گیر تقسیم پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اب تک 10.6 ملین خواتین کی مفت سم کی تقسیم کا ہدف مکمل کر لیا گیا ہے

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔پرنٹروپبلشرسیدکامران ممتازنے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپواکر A-4ماڈل ٹاؤن حالی روڈکوئٹہ سے شائع کیا۔چیف ایڈیٹرسیدممتازاحمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 20 نومبر 2025ء

معاشی استحکام کی طرف پیش قدمی کا سلسلہ جاری، سیاسی استحکام ناگزیر !!

گزشتہ روز خبریں آئی ہیں جو معیشت کی بحالی واستحکام سے متعلق حکومتی اقدامات کے ثمر بار ہونے کی عکاسی کرتی ہیں پہلی خبر وزیر خزانہ کے خطاب کی ہے جس میں انہوں نے معیشت کے درست سمت میں گامزن رہنے کی بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتی اقدامات نتیجہ خیز ثابت ہورہے ہیں اور روز افزوں بہتری واستحکام دیکھنے میں آرہا ہے دوسری خبر معروف بین الاقوامی ادارے بلوم برگ کی ایک رپورٹ کی ہے جس کے مطابق سیاسی استحکام، بہتر منافع اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کی وجہ سے پاکستان سٹاک ایکسچینج میں 40 فیصد کا شاندار اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ بلوم برگ نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے رجحانات پر اپنی تفصیلی رپورٹ شائع کی ہے جس میں پاکستان سٹاک ایکسچینج کی بہترین کارکردگی کو خصوصی طور پر اجاگر کیا گیا ہے۔ امر واقعی یہ ہے کہ ہماری معیشت کو گزشتہ کافی عرصے سے مختلف النوع اور ہمہ گیر چیلنجز کا سامنا رہا ہے عالمی منڈیوں میں عدم استحکام، سیاسی اتار چڑھاؤ، اندرونی معاشی غلطیوں اور بیرونی دباؤ نے مجموعی طور پر معیشت کو خاصا متاثر کیا۔ تاہم موجودہ دور حکومت میں اقتصادی سمت میں جو سنجیدہ، مربوط اور مستقل اقدامات کئے گئے، ان کی بدولت ملکی معیشت رفتہ رفتہ نہ صرف استحکام کی جانب گامزن ہے بلکہ عالمی مالیاتی ادارے اور غیر ملکی سرمایہ کار بھی اس مثبت تبدیلی کے معترف دکھائی دیتے ہیں۔ اس کا واضح ثبوت بلوم برگ کی تازہ رپورٹ ہے جس میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی شاندار کارکردگی کو خصوصی طور پر سراہا گیا ہے۔ بلوم برگ کی رپورٹ کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکسچینج نے رواں سال چالیس فیصد کا غیر معمولی اضافہ ریکارڈ کر کے پورے ایشیا کی بہترین کارکردگی دکھانے والی مارکیٹوں میں جگہ بنالی ہے۔ یہ وہ پیش رفت ہے جو کسی بھی ابھرتی ہوئی معیشت کے لئے نہایت اہمیت رکھتی ہے کیونکہ یہ براہ راست عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد کا مظہر ہوتی ہے۔ دراصل سیاسی استحکام کی فضا میں بہتری سرمایہ کاری کے فروغ کو یقینی بنانے کے اقدامات اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں نمایاں اضافہ یہ تینوں عوامل اسی وقت ممکن ہوتے ہیں جب حکومت اپنے معاشی فیصلوں میں تسلسل، پالیسیوں میں وضاحت، اور ادارہ جاتی سطح پر اصلاحات کے ذریعے ایک مربوط حکمت عملی پر عمل کر رہی ہو۔ بلوم برگ رپورٹ میں واضح کیا گیا کہ پاکستان میں ریٹیل سرمایہ کاروں نے ایکویٹی مارکیٹ کی طرف غیر معمولی واپسی کی ہے۔ اس کی کئی وجوہات ہیں اکثر اوقات معیشت میں ایسے رجحانات اسی وقت پیدا ہوتے ہیں جب حکومتی پالیسیوں پر صارف اور سرمایہ کاروں کو اعتماد ہو جائے۔ اسٹاک مارکیٹ کا ڈیڑھ لاکھ پوائنٹس کی نفسیاتی حد دوبارہ عبور کرنا بھی یہی ثابت کرتا ہے کہ اصلاحاتی اقدامات نہ صرف مؤثر ہیں بلکہ آہستہ آہستہ اپنے نتائج دکھا رہے ہیں۔ معاشی فیصلوں میں پالیسی ریٹ کو غیر متزلزل رکھنا ایک انتہائی اہم قدم ہے۔ شرح سود میں استحکام نہ صرف سرمایہ کاروں کو پیشگی منصوبہ بندی کرنے میں مدد دیتا ہے بلکہ مارکیٹ میں غیر یقینی صورتحال کم ہو جاتی ہے۔ پاکستان میں سٹیٹ بینک کے اسی فیصلے کے بعد اسٹاک مارکیٹ نے دو دن کی مندی کے بعد شاندار بحالی دکھائی اور سرمایہ کاروں کی طرف سے نئی خریداری کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اپنے حالیہ خطاب میں اسی امر کی تصدیق کی کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت کے درست فیصلوں کی بدولت معیشت بحالی اور استحکام کے راستے پر گامزن ہے۔ ایک مضبوط معاشی نظام صرف ترقی کے نمبرز سے نہیں بنتا، بلکہ وہ اُس وقت پائیدار ہوتا ہے جب اُس میں شفافیت، عوامی شمولیت، نجی شعبے کی سرگرمی، فلاحی اقدامات اور ادارہ جاتی اصلاحات یکجا نظر آئیں۔ وزیر خزانہ کے مطابق حکومت بہتر ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لئے جامع اصلاحات متعارف کرائی ہیں، سوشل فنانسنگ فریم ورک پر کام شروع کر دیا ہے وزیر اعظم کی ہدایات پر فلاحی وسماجی شعبے میں نجی کمپنیوں کی بھاری فنڈنگ کو مربوط نظام میں لایا جا رہا ہے۔ یہ اقدامات اس حقیقت کو ظاہر کرتے ہیں کہ حکومت معیشت کی بحالی کو صرف شماریاتی کامیابی تک محدود نہیں رکھنا چاہتی بلکہ اس کے فوائد براہ راست عام آدمی تک پہنچانا بھی چاہتی ہے۔ کسی بھی کامیاب معیشت میں نجی شعبہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ اعتماد بغیر پالیسیوں کی شفافیت، ڈھانچہ جاتی اصلاحات، کاروبار دوست اقدامات اور حکومتی اداروں کے مستحکم کردار کے ممکن نہیں ہوتا۔ پاکستان کی معیشت نے گزشتہ سالوں میں متعدد آزمائشیں دیکھیں، لیکن موجودہ معاشی نظم ونسق نے ملک کو دوبارہ ترقی کی لائن پر کھڑا کر دیا ہے۔ بلوم برگ جیسے بین الاقوامی اداروں کی جانب سے پاکستان کی اسٹاک مارکیٹ کی کارکردگی کی تعریف نہ صرف ملکی کوششوں کا اعتراف ہے بلکہ یہ دنیا کے لئے ایک اشارہ ہے کہ پاکستان ایک مستحکم اور پرکشش سرمایہ کاری مارکیٹ بن رہا ہے۔ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو چکا ہے۔ مارکیٹ نے تاریخی سطحیں عبور کی ہیں۔ بین الاقوامی سطح پر مثبت رپورٹس سامنے آرہی ہیں۔ حکومتی اصلاحات واضح سمت کا مظہر ہیں۔ یہ تمام عناصر اس حقیقت کی غمازی کرتے ہیں کہ معیشت کا پہیہ دوبارہ تیزی سے گھومنے لگا ہے۔ اگرچہ معاشی میدان میں قومی سطح پر مثبت پیش رفت جاری ہے، لیکن اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ معاشی استحکام ہمیشہ سیاسی استحکام سے جڑا ہوتا ہے۔ سیاسی قیادت اگر اتحاد، تحمل، برداشت اور سنجیدگی کا مظاہرہ کرے تو سرمایہ کاروں کے اعتماد میں مزید اضافہ ہوتا ہے حکومتی پالیسیوں کا تسلسل برقرار رہتا ہے، معیشت بیرونی دباؤ سے بہتر انداز میں نمٹ سکتی ہے، اور قومی سطح پر فیصلہ سازی مضبوط ہو جاتی ہے۔ چنانچہ وقت کا تقاضا ہے کہ ملک کی تمام سیاسی جماعتیں باہمی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو مقدم رکھیں معاشی ایجنڈا پر اتفاق رائے پیدا کریں سیاسی استحکام کے ذریعے سرمایہ کاری کے ماحول کو مزید سازگار بنائیں۔ پاکستان کی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ جب سیاسی ماحول سازگار رہتا ہے تو معیشت خود بخود پھلنے پھولنے لگتی ہے۔ آج معیشت بہتر سمت میں جارہی ہے، اسٹاک مارکیٹ ریکارڈ سطح پر ہے، اصلاحات کا عمل جاری ہے اب ضروری ہے کہ سیاسی قیادت بھی اسی سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرے تاکہ یہ ترقی مستقل بنیادوں پر جاری رہ سکے۔ معاشی بحالی کے لئے حکومت نے جو اقدامات کئے ہیں، وہ نہ صرف مثبت اور وقت کے تقاضوں کے مطابق ہیں بلکہ عالمی سطح پر بھی ان کی تعریف کی جا رہی ہے۔ اسٹاک مارکیٹ کی شاندار کارکردگی، سرمایہ کاری میں اضافہ، نجی شعبے کی شمولیت، اصلاحات کا عمل، سوشل فنانسنگ فریم ورک، اور معاشی نظم وضبط یہ وہ ستون ہیں جن پر پاکستان کی نئی اقتصادی بنیاد استوار ہو رہی ہے۔ اب ضروری ہے کہ سیاسی قیادت بالغ نظری، دور اندیشی اور قومی مفاد کو مقدم رکھنے کا عملی ثبوت دے تاکہ معاشی استحکام کو مستقل بنیادوں پر دوام مل سکے معاشی استحکام کا سفر جاری ہے اب اسے کامل سیاسی استحکام کا سہارا درکار ہے۔

بھارت کے سر پڑا حسینہ واجد کا بوجھ

برملا — نصرت جاوید

یہ بات تو طے ہے کہ بھارت میں مودی جیسی ذہنیت کی اور شخص کی حکومت بھی حسینہ واجد کو کبھی بنگلہ دیش کے حوالے نہیں کرے گی۔ اگست 2024ء میں اپنے خلاف احتجاج سے گھبرا کر بھارت میں پناہ گزین ہوئی سابق وزیر اعظم بنگلہ دیش کو پیر کے روز جو سزائے موت سنائی گئی ہے اس پر عملدرآمد ہونے کا امکان لہٰذا نظر نہیں آرہا۔ موصوفہ کو جلاوطنی ہی میں فطری موت کا انتظار کرنا ہوگا۔ وسیع تر تناظر میں اگر دیکھیں تو معاملہ فقط اس کی ذات تک ہی لیکن محدود نہیں ہے۔

حسینہ واجد کو سزائے موت سنائے جانے کے بعد سے جس سوال پر میرا ذہن اٹک گیا ہے وہ جاننا چاہتا ہے کہ خود کو "احساس محرومی" کا شکار دکھا کر "محکوم ومظلوم" دکھائی دینے والے جب خود اقتدار میں آتے ہیں تو اپنے ہی لوگوں پر ظلم ڈھانے کی آخری حدوں تک کیوں پہنچ جاتے ہیں۔ حسینہ واجد کے والد شیخ مجیب الرحمن نے 1965ء کی پاک-بھارت جنگ کے بعد لاہور میں ہوئی اپوزیشن جماعتوں کے ایک اجلاس میں "چھ نکات" کا اعلان کیا تھا۔ نظر بظاہر یہ ان دنوں کے مشرقی پاکستان کے لئے زیادہ سے زیادہ صوبائی خودمختاری یقینی بنانا چاہتے تھے۔ ان کی اپنی جماعت-عوامی لیگ-کے ایک اہم رہنما نوابزادہ نصراللہ خان نے ان نکات کی شدید مخالفت کی اور بعدازاں پاکستان میں مختلف مزاحمتی تحریکوں کی قیادت کرنے کی بدولت بابائے جمہوریت بھی کہلائے۔

1966ء کے غالباً فروری یا مارچ میں 6 نکات عیاں ہوئے تو میں سکول کا طالب علم تھا۔ ہمارے محلے کی بے پناہ اکثریت ان نکات کا نفرت سے ذکر کرتی۔ بنگالیوں کو ان کی وجہ سے "احسان فراموشی" کے طعنے دیئے جاتے کیونکہ تقریباً ہر برس ان کے ہاں سیلاب آتا تو لاہور کے مختلف مقامات پر بنگالی سیلاب زدگان کی مدد کے لئے کیمپ لگائے جاتے تھے۔ محلے کے بزرگوں سے یہ بھی سنا کہ بنگالی "اچھے مسلمان" نہیں۔ وہاں کے تقریباً ہر سکول پر ہندو استاد قابض ہیں جو اپنے طلباء کے دل ودماغ میں نصاب سے "ہٹ" کر پاکستان سے نفرت وعلیحدگی کے جذبات بھڑکاتے ہیں۔ بنگالی عورتوں کی ساڑھی پہننے کے "اسلامی" اصولوں کے منافی تصور ہوتی۔ کسی ایک بنگالی کو ذاتی طور پر چند لمحوں کے لئے بھی ملے بغیر میں پرائمری سے مڈل تک بڑھتے ہوئے بنگالیوں کو "ناپختہ پاکستانی" تصور کرنے کو مجبور ہو گیا۔

کچھ برس بعد پاکستان کے پہلے فوجی آمر ایوب خان کے خلاف عوامی تحریک شروع ہوگئی۔ اس سے مجبور ہو کر سابق صدر نے گول میز کانفرنس میں شرکت کے لئے اپوزیشن جماعتوں کو دعوت دی۔ شیخ مجیب الرحمن ان دنوں "اگرتلہ سازش" کے نام پر بنائے ایک مقدمے کا سامنا کر رہا تھا۔ اس پر الزام تھا کہ بھارتی سرحد کے قریب واقعہ اگرتلہ کے مقام پر اس نے دلی سے آئے چند جاسوسوں سے مل کر پاکستان توڑنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ اپوزیشن کے اہم رہنماؤں نے جن میں پنجاب میں مسلم لیگ کے ایک اہم دھڑے کے سربراہ میاں ممتاز دولتانہ نمایاں تھے اس وقت تک ایوب خان کی بلائی کانفرنس میں شرکت سے انکار کر دیا جب تک مجیب الرحمن کو جیل سے نکال کر وہاں بٹھائے جانا یقینی نہیں بنایا جاتا۔ ایوب خان اس پر آمادہ ہو گئے۔ مذکورہ کانفرنس میں شرکت سے البتہ ذوالفقار علی بھٹو کی پیپلز پارٹی اور بائیں بازو کے ایک مقبول ترین بنگالی رہنما مولانا بھاشانی اور ان کی نیشنل عوامی پارٹی نے انکار کر دیا۔

ان دنوں میں طلباء سیاست میں متحرک ہو چکا تھا۔ ذوالفقار علی بھٹو کی بنائی پیپلز پارٹی کے نظریات اچھے لگتے تھے۔ ایوب خان کی بلائی کانفرنس میں شرکت سے انکار بھی میرے نوجوان ذہن کو "انقلابی" لگا۔ اس کے باوجود لاہور کے ناصر باغ میں منعقد ہوئے جلسے میں شرکت کیلئے تجسس کے جذبات سے مغلوب ہو کر چلا گیا جہاں شیخ مجیب نے خطاب کرنا تھا۔ اس کے تقریر کے لئے کھڑے ہوتے ہی مگر نوجوانوں کے ایک گروہ نے غل غپاڑہ مچا دیا۔ مجمع میں سے کسی شخص نے "جماعت اسلامی" کی آواز لگائی۔ مجیب نے اسے سنتے ہی اردو میں کہا کہ اسے علم ہے کہ "(مولانا) مودودی" نے میری تقریر روکنے کے لئے "کچھ غنڈے بھیجے ہیں"۔ یہ کہنے کے بعد غصے سے جھنجھلاتے ہوئے اس نے نفرت سے بھرپور چہرے کے ساتھ اعلان کیا کہ "آئندہ مودودی" کو ڈھاکہ میں جلسہ کرنے کیلئے مجھ سے اجازت لینا ہوگی۔ یہ اعلان کرنے کے بعد وہ شیخ چھوڑ کر چلا گیا۔

ایوب خان کے ساتھ ہوئی گول میز کانفرنس ناکام ہوگئی۔ اس کی وجہ سے جنرل یحییٰ کا مارشل لاء لگا۔ نئے مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے 1970ء میں پہلی بار پاکستان میں بالغ رائے دہی کے تحت ون مین-ون ووٹ کی بنیاد پر عام انتخابات کا اعلان کر دیا۔ مذکورہ انتخابات کی مہم چلانے جماعت اسلامی کے بانی مولانا مودودی ڈھاکہ گئے تو وہاں کے پلٹن میدان میں عوامی لیگ کے غنڈوں نے وہ جلسہ نہ ہونے دیا۔ اس کے بعد مغربی پاکستان سے بھٹو سمیت چند ہی رہنما مشرقی پاکستان میں انتخابی مہم چلانے کی ہمت دکھا سکے۔ مشرقی پاکستان کو گویا عملی انتخاب سے کئی ماہ قبل ہی شیخ مجیب کے سپرد کر دیا گیا تھا۔ اسی باعث دسمبر 1970ء کے انتخاب کے نتیجے میں شیخ مجیب کی عوامی لیگ نے مشرقی پاکستان کے لئے مختص نشستیں (تقریباً 150) میں سے دو کے سوا تمام کی تمام جیت لیں۔

پاکستان قومی دفاع میں انفارمیشن کے میدان کا بھی چیمپیئن



میڈیا آئی — عبدالباسط علوی

غزہ میں پائیدار امن کا مشکل مرحلہ

تاثرات — سید مجاہد علی

شیخ حسینہ کو سزائے موت



خیال حمید — حمید اللہ عابد

تین رکنی ٹریبونل نے بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد اور سابق وزیر داخلہ اسد الزمان کمال کو انسانیت کے خلاف جرائم کا مرتکب قرار ...

اب دیکھنا یہ ہے کہ کیا دونوں ممالک مزید حوالگی کے حوالے سے موجود معاہدے کی پاسداری کریں گے؟ بظاہر ایسا ہونا مشکل ہے کیونکہ سیاسی دوطرفی ...

'یہ مریض نہیں مجرم ہیں'



شہر یاراں — محمود خان

جادو ٹونے کا پورا احاطہ نہیں ہوا



اظہار خیال — ایاز امیر

ٹاٹ والے سکول سے سفارتی ایوانوں تک

احوال عالم — جاوید حفیظ

میں نے 1961ء میں میٹرک بہت اچھے نمبروں کے ساتھ پاس کیا تو گوجرہ کے معروف سیاسی لیڈر حمزہ صاحب میرے والد کو مبارک دینے آئے۔ گوجرہ میں کالج بن چکا تھا یعنی ممکن تھا کہ مجھے اسی کالج میں داخل کرا دیا جاتا لیکن حمزہ صاحب کا مشورہ تھا کہ لڑکے کا مستقبل بنانا ہے تو گورنمنٹ ...

زمانے میں اسلامیہ کالج لاہور کے کسی اولڈ سٹوڈنٹ نے تفاخر سے کہا کہ پاکستان بنانے میں ...

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

تلاش گمشدہ
میری موٹر سائیکل نمبر MH-6248 چیسز نمبر 6229988 انجن نمبر JE-904041 کی اصل مکمل بک بنام سید طلحہ حسین زیدی ولد سید عابد حسین زیدی سریاب روڈ پر گم ہوگئی ہے ملنے پر فون نمبر 03365719484 پر مطلع کریں
R.No............62383

تلاش گمشدہ
میرا شناختی کارڈ نمبر 3630175867173 بنام محمد جمشید ولد محمد اکرم اور بینک الفلاح کا اے ٹی ایم کارڈ بنام مجاہد حسین ولد محمد اکرم نواں کلی کوئٹہ میں گم ہوگئے ہیں ملنے پر فون نمبر 03060898194 پر مطلع کریں
R.No............62386

اطلاع عام
پلاٹ نمبر A-01 رقبہ 4510 مربع فٹ واقع انگیلانی پیٹرول پمپ بس اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ جو کہ اس وقت سید عبدالقادر انگیلانی ولد سید زین الدین انگیلانی کے نام ہے ٹرانسفر نظر محمد ولد غوث بخش کے نام ہونا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No............62387

اطلاع عام
پلاٹ نمبر B-02 رقبہ 4510 مربع فٹ واقع انگیلانی پیٹرول پمپ بس اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ جو کہ اس وقت سید عبدالقادر انگیلانی ولد سید زین الدین انگیلانی کے نام پر ہے کی ٹرانسفر عبدالمالک ولد غلام رسول کے نام ہونا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No............62387

اطلاع عام
پلاٹ نمبر D-01 رقبہ 1473 مربع فٹ واقع انگیلانی پیٹرول پمپ بس اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ جو کہ اس وقت سید عبدالقادر انگیلانی ولد سید زین الدین انگیلانی کے نام پر ہے کی ٹرانسفر عبدالمالک ولد غلام رسول کے نام ہونا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No............62387

تلاش گمشدہ
میری جماعت ہشتم کی ڈی ایم سی رول نمبر 44680 بنام گل سپوزمی بنت نور محمد کہیں گم ہوگئی ہے ملنے پر فون نمبر 03002933831
ڈی جی پی آر............

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا قومی شناختی کارڈ بنام عبدالمتین ولد محمد ہاشم مجھ سے کہیں گم ہوگیا جس کو ملے برائے مہربانی فرما کر پریس کلب مسلم باغ پہنچا دے
نمائندہ مسلم باغ............

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420399409263 بنام محمد یونس ولد عبدالرازق کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03320276793 مطلع کریں
نمائندہ میرزئی اڈہ............

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا قومی شناختی کارڈ بنام بسم اللہ ولد تاج محمد مجھ سے کہیں گم ہوگیا جس کو ملے برائے مہربانی فرما کر مسلم باغ پریس کلب پہنچا دے
نمائندہ مسلم باغ............

تلاش گمشدہ
میری جماعت ہشتم کی ڈی ایم سی رول نمبر 44682 بنام نازدانہ بنت تاج محمد کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03483973163
ڈی جی پی آر............

لورالائی، ملا گل باران اور اختر محمد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اوتھل، پولیس کی کارروائی میں پکڑے گئے غیر قانونی تارکین وطن پولیس کی حراست میں ہیں

اوستہ محمد، ایس پی غلام حسین باجوئی گرفتار ملزمان کے بارے میں تفصیلات بتا رہے ہیں

ڈی سی سبی کی غیر حاضر ڈاکٹرز عملے کیخلاف کارروائی، جواب طلبی شوکاز نوٹسز جاری

محکمہ صحت براہ راست عوام کی زندگیوں سے منسلک حساس شعبہ ہے، غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام افسران اپنی ذمہ داریاں بہترین انداز میں نبھائیں

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر اکبر سولنگی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر قادر ہارون، ایم ایس ڈی ایچ کیو ٹیچنگ اسپتال ڈاکٹر عمیر حسین، اے ڈی ایچ او ڈاکٹر ذیشان، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ممتاز علی رند اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہسپتالوں، بی ایچ یوز، آر ایچ سیز اور سول ڈسپنسریز کی صورتحال اور فراہم کی جانے والی خدمات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ایم ایس ٹیچنگ اسپتال ڈاکٹر عمیر حسین نے بتایا کہ رواں ماہ میں 9 ہزار سے زائد او پی ڈیز کی جا چکی ہیں۔ ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی نے آگاہ کیا کہ تمام بی ایچ یوز میں 12 ہزار سے زیادہ او پی ڈیز ہوئیں جبکہ ادویات کی آمد و فراہمی ہر بی ایچ یو کی پیش رفت اور ضرورت کے مطابق کی جائے گی، جس کی ڈی سی نے منظوری دی۔ مزید بتایا گیا کہ ڈی ایچ کیو ٹیچنگ اسپتال میں ٹراما سینٹر کے قیام کے لیے پروپوزل ارسال کیا جائے گا۔ اجلاس میں ایم سی ایچ سینٹر کرک اور ایم سی ایچ سینٹر تلی کو پی پی ایچ آئی کے حوالے کرنے کی تجویز پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ محکمہ صحت براہ راست عوام کی صحت اور زندگیوں سے منسلک انتہائی حساس شعبہ ہے، اس میں کسی قسم کی غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے غیر حاضر ڈاکٹرز اور عملے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تنخواہوں سے کٹوتی، جواب طلبی اور شوکاز نوٹسز جاری کرنے کے احکامات بھی دیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ای پی آئی پروگرام میں نمایاں کاوشوں پر ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر قادر ہارون کی تعریف کی اور کہا کہ زیرو ڈوز 625 سے زائد بچوں کو کور کرنا قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام افسران اپنی ذمہ داریاں بہترین انداز میں نبھائیں۔

دینی طبقات نظریاتی بنیادوں کے محافظ ہیں، مفتی سید محمد آغا

علما نے ہمیشہ مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے کردار ادا کیا ہے، مولانا سید محمد رفیق

سرانان (پ ر) جمعیت علماء اسلام علماء اسلام ضلع پشین کے جنرل سیکرٹری مفتی سید محمد آغا، تحصیل سرانان کے امیر مولانا سید محمد رفیق آغا، جنرل سیکرٹری مولوی نجیب اللہ آغا، سینئر نائب امیر چیئرمین مولانا محمد صادق، سیکرٹری اطلاعات قاری عطاء اللہ شاہ اور کابینہ اراکین نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسلامی شعائر کے حوالے سے کسی قسم کا فیصلہ یا پالیسی عوام اور علمائے کرام کے جذبات کو ملحوظ رکھے بغیر قبول نہیں کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے جو اسلامی اصولوں اور عقائد کے تحفظ کے لیے وجود میں آئی تھی، لہٰذا اس کے تشخص، آئینی حدود اور دینی سرحدات کا دفاع ہر شہری اور ہر طبقے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اسلامی اقدار پر کسی قسم کی مداخلت یا کمزوری قابل قبول نہیں، انہوں نے کہا کہ معاشرے کی دینی شناخت اور مذہبی روایات کو برقرار رکھنا ملک کے استحکام کے لیے ناگزیر ہے بیان میں کہا ہے کہ علمانے ہمیشہ امن، یکجہتی اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا رہنماؤں نے کہا کہ دینی طبقات ملک کی نظریاتی بنیادوں کے محافظ ہیں اور اس حوالے سے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

خاران، ضلعی انتظامیہ کی تجاوزات کے خلاف کارروائی متعدد کو جرمانہ

سڑکوں پر تجاوزات کو کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر

خاران (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کے خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خاران عبدالحمید بلوچ نے بازار سبزی منڈی اور دیگر چوکوں میں غیر قانونی تجاوزات کرنے پر بہت سے دکانداروں کے خلاف فوری کارروائی اور جرمانہ کیا گیا اور ساتھ ہی روڈ پر کھڑے پبلک گاڑیوں کو اٹھا کر روڈ کو کشادہ رکھنے کیلئے دکانداروں کو واضح ہدایت کی عوام کو روڈ کی سہولت سے محروم رکھنے کیلئے ضلعی انتظامیہ کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور انھیں متنبہ کیا کہ آج کے بعد روڈ پر کسی دکان کے سامان پائے گئے تجاوزات کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور انکے سامان ضبط کی جائینگے اس دوران ٹریفک پولیس کو ہدایت دی کہ وہ بازار اور سبزی منڈی سمیت دیگر رش والے چوکوں پر پرائیویٹ گاڑیوں کو پابند کرے کہ وہ غیر قانونی طریقے سے اپنے گاڑیوں کو پارکنگ نہ کرے بصورت دیگر ان کے خلاف کارروائی ہوسکتی ہیں اسی طرح پرائس کنٹرول کمیٹی کے ہدایت پر عمل کرتے ہوئے مہنگے داموں خرد و نوش اشیاء فروخت کرنے والوں کو بھاری جرمانے کے ساتھ ساتھ قانونی کارروائی کی جائے گی

واشک، ڈی سی عبدالحمید سرپرہ ... کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

سنجاوی کے علاقہ کلی اندروب میں ہماری قوم کی شاملات زمینیں ہیں، اختر محمد

لورالائی (آن لائن) سنجاوی کے علاقہ کلی اندروب کے مکین ملا گل باران اور اختر محمد نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ سنجاوی کے علاقہ کلی اندروب میں ہماری قوم کی شاملات زمینیں ہیں اور ان زمینوں پر کئی بار جھگڑے بھی ہو چکے ہیں ایک بار پھر کچھ عناصر ہماری شاملات کی زمینوں کی خرید و فروخت کر رہے ہیں اور قوم کو آپس میں لڑانے کی کوشش کر رہے ہیں جس سے مزید خون ریزی کا خطرات منڈلا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم بزریعہ پریس کانفرنس سنجاوی کی تمام اقوام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس متنازعہ زمین کی خرید و فروخت ہرگز نہ کریں جو بھی خرید و فروخت کریگا وہ خود اسکا ذمہ دار ہوگا انہوں نے صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ، ڈپٹی کمشنر زیارت اور علاقہ معتبرین سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اس شاملات زمینوں کی غیر لوگوں پر خرید و فروخت بند کروانے میں کردار ادا کریں

عوام کو ریلیف کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے، منیر احمد سومرو

خاران (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کی زیر صدارت ضلع بھر کے مسائل کے حل کے لیے ڈپٹی کمشنر خاران آفس میں کھلی کچہری منعقد ہوئی۔ کھلی کچہری میں ونگ کمانڈنٹ خاران رائفلز بلال شوکت، ونگ کمانڈر کرنل وہاں، ایس پی خاران منظور احمد بلیدی اسسٹنٹ کمشنر خاران عبدالحمید بلوچ سمیت تمام سرکاری محکموں کے سربراہان، سیاسی و مذہبی جماعتوں کے نمائندے، سول سوسائٹی، تاجر برادری، صحافی حضرات اور عوام نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے امن و امان، صفائی کی صورتحال، ماشکیل گزر بارڈر و زیرو پوائنٹ کے مسائل، بجلی کی فراہمی سمیت متعدد انفرادی اور عوامی مسائل کی نشاندہی کی۔ ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو نے متعدد شکایات موقع پر ہی حل کرائیں جبکہ دیگر مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ محکموں کو احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد لوگوں کے مسائل کو براہ راست سن کر بروقت اقدامات کرنا ہے۔ عوام کی سہولت اور ریلیف ہماری اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر خاران نے ضلع کے تمام زمینداروں کو واضح پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ پوست کی کاشت ایک سماجی لعنت ہے۔

بلوچستان کے مسائل اور گڑ کی لسی

تحریر: گل بھنگر

پرانے وقتوں کی ایک کہانی ہے جو ہم سب نے بچپن میں کئی بار سنی تھی۔ کہانی کچھ یوں ہے کہ ایک عقل سے پیدل بادشاہ کو پہیلیاں بوجھنے کا جنون تھا۔ صبح سے شام اور شام سے رات تک اس کا دربار پہیلیوں کی محفل سے سجا رہتا۔ جو پہیلی بادشاہ نہ بوجھ پاتا اس کے پیش کرنے والے کو کوڑوں کی سزا دی جاتی۔ ایک دن بادشاہ نے وزیر خاص کو حکم دیا کہ وہ کوئی پہیلی بیان کرے۔ وزیر خاص یہ سن کر گھبرا گیا کہ اگر اس نے مشکل پہیلی پیش کی اور بادشاہ پہیلی بوجھ نہ پایا تو کوڑوں سے درگت بنا دی جائے گی۔ کچھ دیر سوچنے کے بعد وزیر نے کہا۔ "حضور پہیلی کچھ مشکل ہے مگر مجھے معلوم ہے آپ جیسے ذہین بادشاہ سلامت اس پہیلی کو ضرور بوجھ لیں گے۔" بادشاہ نے خوش ہو کر حکم دیا۔ "پہیلی پیش کی جائے۔" وزیر نے پہیلی بیان کی۔ گھروں میں وہ رہتی ہے چار پیروں پر چلتی ہے۔ چولہے کے گرد پھرتی ہے میاؤں میاؤں کرتی ہے آپ بول دیں کہ وہ بلی ہے۔ صاف ظاہر تھا کہ جواب بلی ہی تھا۔ مگر بادشاہ سر پکڑ کر بیٹھ گیا اور کافی دیر سوچ بچار کے بعد کہنے لگا۔ "ہاں! میں نے بوجھ لی وہ چیز ہے گڑ کی لسی"

تمام درباری ہکا بکا رہ گئے مگر کوڑوں کے خوف سے کسی نے بادشاہ کو غلط نہ کہا۔ وزیر نے فوراً چاپلوسی سے کام لیتے ہوئے کہا۔ "واہ حضور! کیا کہنے، معلوم پڑتا ہے کہ یہ پہیلی آپ نے پہلے ہی سن رکھی تھی۔"

بادشاہ فخر سے سینہ تان کر بولا۔ "نہیں ہرگز نہیں ہم نے اپنے ذہن سے کام لے کر پہیلی بوجھ لی ہے۔" اور دربار واہ واہ کی صداؤں سے گونج اٹھا۔ یہ کہانی محض ایک قصہ نہیں بلکہ آج کے پاکستان بالخصوص بلوچستان کے حالات کی آئینہ دار ہے۔ یہاں بھی حکمران ایسی ہی "گڑ کی لسی" والے بادشاہ ثابت ہو رہے ہیں۔ سوال کچھ اور ہے جواب کچھ اور۔ مسائل کچھ اور ہیں لیکن اقدامات کچھ اور۔ مہنگائی کا طوفان ہے، نوجوان بے روزگاری سے تنگ آ کر ذہنی مریض بن رہے ہیں۔ تعلیمی ادارے تنزلی کا شکار ہیں، اسپتالوں میں مریضوں کی قطار ہے مگر علاج کے لیے نہ دوائیاں میسر ہیں نہ ڈاکٹر۔ بلوچستان کے دور دراز دیہات میں تو بندے کو یقین ہی نہیں آتا کہ ہم اکیسویں صدی میں جی رہے ہیں نہ سڑکیں ہیں، نہ پانی ہے اور نہ بجلی ہے۔ مگر وزراء ایوانوں میں بڑے فخر سے کہتے ہیں "ہم نے ترقیاتی منصوبوں پر اربوں خرچ کر دیے ہیں۔" سوال یہ ہے کہ یہ اربوں کہاں گئے؟ عوام کو تو کوئی ریلیف نہیں ملا۔ بلوچستان کا کسان آج بھی اپنی فصل کے لیے پانی کو ترس رہا ہے، نوجوان روزگار کی تلاش میں مارے مارے پھر رہے ہیں، عورتیں میلوں دور سے پانی بھر کر لاتی ہیں مگر کاغذی منصوبوں میں سب کچھ "ٹھیک" دکھایا جاتا ہے۔ یہی نہیں، ملک بھر میں بھی صورتحال کچھ مختلف نہیں۔ عوام کا سوال ہوتا ہے "نوکری کہاں ہے؟ دال روٹی کیوں مہنگی ہے؟ تعلیم اور علاج کیوں تباہ ہیں؟" لیکن جواب ہمیشہ "گڑ کی لسی" ہی ہوتا ہے۔ ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ یہاں حقیقت کی بجائے خوشامد کی پالیسی چلتی ہے۔ بادشاہ غلط جواب دے تو بھی درباری تالیاں بجاتے ہیں۔ کوئی یہ ہمت نہیں کرتا کہ سچ کہہ دے۔ اگر مہنگائی ہے تو مانیں کہ مہنگائی ہے اور اس کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں۔ اگر بے روزگاری ہے تو جوانوں کو کھوکھلے وعدے نہیں بلکہ روزگار کے مواقع دیں۔ اگر اسپتال ویران ہیں تو دعووں کی بجائے دوائی اور ڈاکٹر مہیا کریں۔ اگر تعلیمی ادارے کمزور ہیں تو نوٹیفکیشن اور کمیٹیوں کی بجائے اساتذہ اور سہولیات دیں۔ محض بڑے بڑے دعووں سے ترقی نہیں ہوتی۔ اصل ترقی سچائی، ایمانداری اور عملی اقدامات سے آتی ہے۔

عوامی مسائل کے حل کے لیے ڈی سی کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو براہ راست سننا اور جائزہ لینا ہے، محمد رمضان

اوستہ محمد (نامہ نگار) عوام الناس کو درپیش مسائل سے براہ راست آگاہی حاصل کرنے کے لیے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت بوائز ڈگری کالج ہال میں کھلی کچہری منعقد کی گئی۔ کھلی کچہری میں ایس ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری، تحصیلدار گنداخہ محمد ابراہیم پلال، تحصیلدار علی گوہر کھوسہ سمیت تمام ضلعی محکموں کے سربراہان نے شرکت کو یقینی بنایا۔ اس موقع پر شہریوں، سماجی کارکنان اور صحافی برادری نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی شرکاء نے اپنے مسائل نہ صرف زبانی طور پر پیش کیے بلکہ متعدد درخواستیں تحریری طور پر بھی جمع کرائیں۔ نمایاں مسائل میں شامل تھیں امن و امان کی صورتحال گیس کی سپلائی میں درپیش مشکلات پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی ریلوے کی سرکاری زمینوں پر مبینہ ناجائز قبضے مرکزی و رابطہ سڑکوں کی خستہ حالی سیوریج سسٹم کی خرابیاں گرلز کالج کی عمارت کی تعمیر میں تاخیر اسپیشل سپورٹ پروگرام کے تحت مستحقین کو امداد کی فراہمی سول ہسپتال کو ٹیچنگ کا درجہ دینے اور ادارے اپ گریڈ کرنے کا مطالبہ کے ساتھ ساتھ شہر میں صفائی ستھرائی کے مسائل کا بھی ذکر کیا گیا

اوتھل، اے سی آفتاب احمد لاسی کی صدارت میں کھلی کچہری میں سائلین مسائل پیش کر رہے ہیں

بعدالت ایڈیشنل سیشن جج صاحب پشین

رجسٹر نمبر 02/2025

حاجی عبدالحمید بنام محمد سلیمان (دعویٰ 37 رول 2&1 سی پی سی)

اشتہار بنام محمد سلیمان ولد فتح محمد قوم میکازئی سکنہ منزری میکازئی تحصیل حرمزئی ضلع پشین

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا تحریر ہے کہ دعویٰ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جسکی آئندہ تاریخ 3/12/2025 مقرر ہو چکی ہے دعویٰ ہذا میں مسئول علیہ محمد سلیمان کو متعدد بار نوٹس جاری ہوئے ہے مگر دیدہ دانستہ طور پر آپ نوٹس وصول کرنے سے انکاری ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو حکم دیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 3/12/2025 پر اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر تمہارے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 18/11/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

STAFF

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ پشین

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10)19 انسداد دہشتگردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 26/025 — FIR نمبر 26/025 — سرکار بنام: دولت وغیرہ

جرم زیر دفعہ 324,353,186,504,506,147,148,149 PPC ,07 ATA

تھانہ لیویز ملکیار پشین

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان الزمان (1) دولت خان (2) اصغر (3) ستر عرف سور پسران عبدالوہاب (4) اسد اللہ ولد دولت (5) ارشد ولد اصغر اقوام ترین ساکنان کلی ملک یار دامان پشین جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بمطابق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ بتاریخ 04-12-2025 عدالت ہذا بمقام اے ٹی سی پشین نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ پشین

PRQ No 2463/19-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت تحصیلدار صدر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کوئٹہ

درستگی نام انتقال نمبر 218,186 محال کاریز لنڈی موضع کلی گل محمد چپہ داران نمبر 1 تحصیل صدر کوئٹہ

ہرگاہ کہ نظر محمد ولد محمد حسن نے ایک عدد درخواست بابت درستگی نام گزاری ہے کہ انتقال نمبر 218,186 محال کاریز لنڈی موضع کلی گل محمد چپہ داران نمبر 1 ریونیو ریکارڈ میں جو نام درج ہوئے ہیں وہ غلط ہیں جو کہ ذیل ہیں قاہر خان، علاؤالدین، محمد قیوم، حکمت اللہ پسران نظر محمد ہیں صحیح نام قاہر نظر، دین نظر، قیوم نظر، حکمت نظر پسران نظر محمد ہیں ریونیو ریکارڈ میں درستگی کی جائے لہذا اس بابت اگر کسی شخص / کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر / اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر اندر زیر دستخطی کو پیش کریں بصورت دیگر معیاد پورے ہونے پر کسی قسم کا عذر / اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج بمورخہ 19/11/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

62384

بعدالت جناب شیر علی کاکڑ سول جج صاحب رکنی

ابراہیم ولد حسن خان بنام میر خان ولد پائندہ خان

دعویٰ برائے صدور ڈگری استقرار حق و طیابی بر بنائے حقوق ملکیت مدعی نیز بطور دادرسی مقدمہ حکم امتناعی تاکیدی دوامی کہ مدعا علیہ

اشتہار بنام مدعا علیان:۔ 1۔ ظریف خان ولد نور خان 2۔ میر جان ولد عمر خان اقوام گڈیانی ساکنان بستی گڈیانی بغاو تحصیل و ضلع بارکھان

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جسکی تاریخ پیشی مورخہ 1/12/2025 کو مقرر ہو چکی ہے مقدمہ عنوان بالا میں کئی مرتبہ آپ مدعا علیہم کے نام نوٹسز جاری ہو چکے ہیں جس کی تعمیل نہ ہو پائی لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر مقدمہ ہذا کی پیروی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 14/11/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ بارکھان

بعدالت اسپیشل جج اے ٹی سی گوادر

اشتہار زیر دفعہ 87 ض ف پاکستان

FIR نمبر 37/2025 — سرکار بنام:۔ تیمور وغیرہ — CTD تھانہ مکران

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی جاوید عرف ماما ولد سیوالی قوم بلوچ سکنہ وارڈ نمبر 6 پشکان جرم دہشتگردی کا جس کی سزا مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ 4/5 Exp ایکٹ 7 ATA -A- ت پ میں مقرر ہے مرتکب ہوا ہے (یا اس کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بمطابق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمی جاوید عرف ماما مذکورہ دستیاب نہیں ہوسکا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مسمی جاوید عرف ماما مذکورہ فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی جاوید عرف ماما سکنہ وارڈ نمبر 6 پشکان کو لازم ہے بتاریخ 02 دسمبر 2025ء بمقام گوادر یا اس عدالت میں (یا ہمارے روبرو) نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

سیشن جج گوادر

PRQ No 2471/19-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Administrator Metropolitan Corporation Quetta invites sealed tender based on Market rate, from interested contractors/firms for the work listed below:

S No.	Name of Work	E/Amount
1.	Providing Traffic Cones for Different Roads of Quetta City TSE-252611912261	2.5 M
2.	Providing and Fixing of RCC Road Barrier (Blocks) for Unnecessary U-turn at different Roads of Quetta City. TSE-252611912313	2.812 M

The procurement shall be carried out under the Baluchistan Public Procurement Rules, 2014 amended up-to-date. **BASIC ELIGIBILITY:** Registration with tax authorities i.e. (NTN, BRA and Sales Tax Department), where applicable. Registration with BPPR authority **METHOD OF PROCUREMENT:** Single-stage – two envelopes Bidding Procedure. **TERMS & CONDITIONS:** Bid Security of Rs 2% of the estimated amount in the form of a Deposit at a Call from a scheduled Bank. The completion time is 30 days. Further Terms and conditions evaluation criteria are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents. Submitting a bid means, the firm agrees with all mentioned terms & and conditions. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** Tender documents can be obtained upon payment of a **tender fee** deposit of an amount of **Rs. 2,000/- (Rupees Two Thousand only)** in A/C No 4405-4 NBP Manan Chowk Branch (nonrefundable) The documents will be issued by the **Office of the Chief Metropolitan Engineer, Metropolitan Corporation Quetta**, located at **Inscomb Road, Quetta**, from the date of publication of the advertisement on the **BPPRA website** up to **one (01) day before the opening date** during office hours. Alternatively, tender documents can be **downloaded from the BPPRA website** at www.bppra.org.pk. However, bidders who obtain documents by downloading them from the website are also required to **submit the above-mentioned tender fee (Rs. 2,000/-)** along with their bid. **Submission:** Last date of submission will be 05/12/25 at 11:00 Hrs. **Opening:** The tender document will be opened on 05/12/25 at 12:00 Hrs. **Place:** Submission, inquiries and openings will be the Office of the Chief Metropolitan Engineer.

AB No.477/19-11-2025

ADMINISTRATOR
METROPOLITAN CORPORATION
QUETTA

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی / سیشن جج چاغی بمقام دالبندین

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف) (10)19 انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997ء

FIR نمبر 60/2025 — سرکار بنام:۔ عبداللہ وغیرہ — پولیس تھانہ دالبندین

بجرم زیر دفعہ 302,324,353,186,147,148,149 PPC,& ATA

(1) اویس ولد حاجی جمعہ قوم محمد انی ساکن کلی رسول بخش دالبندین (2) مختار ولد حاجی جمعہ قوم محمد انی ساکنان کلی رسول بخش دالبندین (3) حارث ولد عبدالرشید (4) نصیر ولد صوفی حلیم (5) عزیز ولد جوالدار محمد اعظم (6) نظام ولد نیک محمد اقوام نوتیزئی ساکن سور گل (7) عامر شاہ ولد عیسیٰ شاہ قوم سید ساکن کلی ہاشم خان دالبندین جرم زیر دفعہ 302,324,353,186,147,148,149 PPC,& ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بمطابق اس نالش جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران دستیاب نہیں ہوسکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیے ہیں لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان (1) اویس ولد حاجی جمعہ قوم محمد انی ساکن کلی رسول بخش دالبندین (2) مختار ولد حاجی جمعہ قوم محمد انی ساکنان کلی رسول بخش دالبندین (3) حارث ولد عبدالرشید (4) نصیر ولد صوفی حلیم (5) عزیز ولد جوالدار محمد اعظم (6) نظام ولد نیک محمد اقوام نوتیزئی ساکن سور گل (7) عامر شاہ ولد عیسیٰ شاہ قوم سید ساکن کلی ہاشم خان دالبندین پر لازم ہے کہ بتاریخ 11-12-2025 کو انسداد دہشتگردی عدالت چاغی بمقام دالبندین میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ / سیشن جج چاغی بمقام دالبندین

PRQ No 2465/19-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت تحصیلدار صدر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کوئٹہ

درستگی نام انتقال نمبرات 667 محال کاریز شیر دل و محال کاریز لنڈی موضع کلی گل محمد تحصیل صدر کوئٹہ

ہرگاہ کہ محمد عمر ولد محمد حسن ساکن کوئٹہ نے ایک عدد درخواست بابت درستگی نام انتقال نمبر 667 محال کاریز شیر دل موضع کلی گل محمد چپہ داران نمبر 1 تحصیل صدر کوئٹہ گزاری ہے کہ ریونیو ریکارڈ میں جو نام درج کیے گئے ہیں وہ بالترتیب جہانزیب، ہمایوں، فاروق، محمد عارف، آصف، حبیب اچکزئی، عبدالمالک، عبدالرزاق، سیف اللہ اور نصیب غلط اندراج ہوئے ہیں جو کہ صحیح نام جہانزیب اچکزئی، ہمایوں اچکزئی، فاروق اچکزئی، محمد عارف اچکزئی، آصف اچکزئی، حبیب، محمد کریم، عبدالرزاق اچکزئی، سیف اللہ اچکزئی، نصیب اچکزئی ہیں ریونیو ریکارڈ میں درستگی کی جائے لہذا اس بابت اگر کسی شخص / کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر / اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر اندر زیر دستخطی کو پیش کریں بصورت دیگر معیاد پورے ہونے پر کسی قسم کا عذر / اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج بمورخہ 19/11/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

62384

TENDER NOTICE

The Chief Officer Municipal Committee Uthal invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, amended up-to-date from interested contractors / firms for the works listed below; **Time Limit 06 Month, Earnest Money 2%. Tender Fee 1000 for each work**

S#	NAME OF WORK	E/COST
1.	Providing & Fixing of Solar Street Lights Channa Mohalla Uthal. TSE-252611911653	0.7 M
2.	Providing & Fixing of Solar Street Lights at Babo Mohalla Uthal. TSE-252611911663	0.7 M
3.	Providing & Fixing of Solar Street Lights Jamali Mohalla, Ghaforabad, Jamot Colony Uthal. TSE-252611911863	3.0 M
4.	Providing & Fixing of Solar Street Lights Main RCD Road MC Uthal. TSE-252611911913	10.0 M
5.	Providing & Fixing of Solar Street Lights at Daresani Goth & Hajji Meeran Goth Uthal. TSE-252611911943	1.3 M

Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws. **Basic Eligibility:** The Contractor must have fresh valid registration i.e. June, 2026 registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category code and registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA). The bidders must have completed (3) assignment of similar nature of works in last (3) years according to estimated cost. The bidder must submit their last three years bank statements and turnover according to estimated cost. All pages must be signed, stamped and marked from 1st to last page Further criteria are mentioned in bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage – One envelope Bidding procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call of 2%** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Issuance:** Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: **(1000)** Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account of Chief Officer Municipal Committee Uthal(NBP Uthal Branch (4048275149) **Submission:** Last date of Submission will be **(03-12-2025), at 11:00.am) Opening:** The tender document will be opened on **(03-12-2025) at (12:00pm)**(bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place:** of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Municipal Committee Uthal** Phone No: 0853-920015
E-mail address: municipalcommitteeuthal@gmail.com
Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be black listed by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required.

AB No.480/19-11-2025

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE
UTHAL

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت محمد شاہ کاظمی نائب تحصیلدار چھتر

[illegible]

19/11/2025

نمائندہ DM

CORRIGENDUM

The tender notice published in Printed Media (Daily Newspapers) vide PRQ No.2430/17-11-2025 mentioned the "Estimated Cost Rs.50.00-Million" due to typing mistake, so therefore, the actual amount of "Estimated Cost Rs.5.00-Million" may be treated as per electronic Media i.e. www.bppra.gob.pk for above all works of mentioned PRQ which date of opening is 05-12-2025.

PRQ No.2461/19-11-2025

EXECUTIVE ENGINEER(ROADS)
CWPP&H DEPARTMENT
DISTRICT SOHBAT PUR

TENDER NOTICE

The Chief Officer Municipal Committee Uthal invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, amended up-to-date from interested contractors / firms for the works listed below; **Time Limit 06 Month, Earnest Money 2%.**

S#	NAME OF WORK	E/Cost
1.	Construction of Calvert Goth Qadir Bakhsh Channa & 1 No Water Tank Goth Abdul Rehman Mouza Mukka Uthal. TSE-252611911733	1.5 M
2.	Repair of Community Hall Lakha Goth Uthal. TSE-252611911743	1.3 M
3.	Additional Work of Community Hall Sheedi Mohalla Uthal. TSE-252611911753	1.5 M
4.	Construction of PCC Streets Ward No.12 Marri No.6 Uthal. TSE-252611911873	0.7 M
5.	Construction of Open Drains, Tuff Tiles & Earth Filling Mochi Mohalla Uthal. TSE-252611911883	1.750 M
6.	Construction of Boundary Wall & Repair of Community Hall Dura Goth Uthal. TSE-252611911893	2.7 M
7.	Construction of Sewerage Line Langha Mohalla, Tobah Masjid Mohalla Sharif Colony & Signboard at Juman Shah Chowk Uthal. TSE-252611911913	1.4 M
8.	Additional Work of Community Hall Baloch Colony Uthal. TSE-252611911923	1.450 M
9.	Laying of Tuff Tiles & Providing of Gate Hindu Mohalla Uthal. TSE-252611911933	1.5 M
10.	Providing & Fixing of Tuff Tiles Nabi Bakhsh urf Babo Shah Dura Goth Uthal. TSE-252611911983	1.0 M
11.	Construction of 2 Nos Toilets, Water Tank & Repair of Community Hall Mouza Kanger Uthal. TSE-252611912183	1.5 M
12.	Construction of Sewerage Line & PCC Streets Ward No.12 Uthal. TSE-252611911993	1.5 M

Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws. **Basic Eligibility:** The Contractor must have fresh valid registration i.e. June, 2026 registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category code and registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA). The bidders must have completed (3) assignment of similar nature of works in last (3) years according to estimated cost. The bidder must submit their last three years bank statements and turnover according to estimated cost. All pages must be signed, stamped and marked from 1st to last page Further criteria are mentioned in bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage – One envelope Bidding procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call of 2%** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Issuance:** Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: **(1000)** Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account of Chief Officer Municipal Committee Uthal(NBP Uthal Branch (4048275149) **Submission:** Last date of Submission will be **(03-12-2025), at 11:00.am) Opening:** The tender document will be opened on **(03-12-2025) at (12:00pm)**(bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place:** of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Municipal Committee Uthal** Phone No: 0853-920015
E-mail address: municipalcommitteeuthal@gmail.com
Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be black listed by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required.

AB No.479/19-11-2025

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE
UTHAL

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت محمد شاہ کاظمی نائب تحصیلدار چھتر

اشتہار بنام عوام الناس

[illegible]

19/11/2025

نمائندہ DM

کرکٹ کا مسلسل انعقاد ملک میں امن و استحکام کا ثبوت ہے، وزیراعظم

وزیراعظم کا پاکستان، سری لنکا اور زمبابوے کی کرکٹ ٹیموں کے اعزاز میں ظہرانہ، چیئرمین کی سربراہی میں پی سی بی تمام میچز کو بہترین انتظامات کے ساتھ منعقد کر رہا ہے

امید ہے کہ تینوں ممالک کے درمیان کرکٹ کے ذریعے دوستی اور باہمی تعاون مزید مضبوط ہوگا اور پاکستان آئندہ بھی دنیا بھر کی ٹیموں کی اسی طرح میزبانی کرتا رہے گا، شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ٹرائی نیشن سیریز میں شریک پاکستان، سری لنکا اور زمبابوے کی کرکٹ ٹیموں کے اعزاز میں ظہرانہ دیا۔ وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں دیے گئے ظہرانے میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وزیر داخلہ و چیئرمین پی سی بی سید محسن رضا نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر ریلویز محمد حنیف عباسی، سری لنکن ہائی کمشنر ریئر ایڈمرل فریڈ سینویراتنے اور زمبابوے کے ہائی کمشنر ٹائٹینس ابو بسوتو بھی شریک تھے۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ تمام کھلاڑی اپنے ملک کی بہترین نمائندگی کر رہے ہیں، کھلاڑی اسپورٹس میں اسپرٹ کی ایسی مثال قائم کریں جو نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ چیئرمین محسن نقوی کی سربراہی میں پی سی بی تمام میچز کو بہترین انتظامات کے ساتھ منعقد کر رہا ہے، پاکستان میں بین الاقوامی کرکٹ کا مسلسل انعقاد ملک کے مثبت تشخص اور امن و استحکام کا ثبوت ہے جب کہ جاری ٹرائی نیشن سیریز سے کرکٹ کے شائقین کو اعلیٰ درجے کا کھیل دیکھنے کو ملے گا۔ شہباز شریف نے کہا کرکٹ ٹیموں نے پاکستان میں ہونے والے ٹرائی نیشن سیریز میں شرکت کر کے جس جذبے، مہارت اور لگن کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے۔

ویسٹ انڈیز اور نیوزی لینڈ کے درمیان دوسرے ون ڈے میچ میں ویسٹ انڈیز کے بلے باز سنچری بنانے کے بعد شائقین سے داد وصول کر رہا ہے

ملتان سلطانز کی نظر انداز کرنے پر پی سی بی کیخلاف قانونی کارروائی کی دھمکی

ہمارے قانونی خط کا کوئی جواب نہیں، ای میلز کا کوئی جواب نہیں، مالک ملتان سلطان علی ترین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی فرنچائز ملتان سلطانز اور ملک کے کرکٹ بورڈ کے درمیان دراڑیں مزید گہری ہو گئی ہیں، فرنچائز کے مالک علی خان ترین نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے فرنچائز کی ویلیوایشن اور تجدید (ری نیول) کا لیٹر فراہم نہ کرنے پر قانونی کارروائی کی دھمکی دیدی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ ماہ دونوں فریقین کے درمیان کشیدگی میں اس وقت اضافہ ہوا تھا۔

قومی کرکٹرز کو مختلف لیگز کیلئے این او سی جاری کر دیے گئے

این او 25 نومبر تک اور دبئی کی ٹی ٹوئنٹی لیگ کے لیے 3 کرکٹرز کو 2 دسمبر سے 4 جنوری تک این او سی جاری

لاہور (این این آئی) پاکستانی کرکٹرز کو مختلف لیگز کے لیے این او سی کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستانی کرکٹرز کو ابوظہبی میں ٹی 10 لیگ اور آئی ایل ٹی ٹوئنٹی کے لیے این او سی کا اجراء کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ابوظہبی کے لیے این او سی 25 نومبر تک اور دبئی کی ٹی ٹوئنٹی لیگ کے لیے 3 کرکٹرز کو 2 دسمبر سے 4 جنوری تک این او سی جاری کر دیے گئے ہیں۔ دبئی کی ٹی ٹوئنٹی لیگ کے لیے حسن نواز، فخر زمان اور نسیم شاہ کو جب کہ ابوظہبی کے لیے افتخار احمد، خواجہ نافع، آصف علی، سلمان ارشاد، محمد عامر، عرفات منہاس، عرفان خان، اعظم خان، شاہنواز دہانی، عباس آفریدی، عاکف جاوید، میر حمزہ، عبید شاہ اور زمان خان کو این او سی جاری کیے گئے ہیں۔

سابق آسٹریلوی فاسٹ بولر گلین میگرا ایشیز سیریز سے قبل کمنٹری پینل سے فارغ

گلین میگرا کا آن لائن جوئے کی کمپنی کے ساتھ تعلق بتایا گیا ہے، آسٹریلوی میڈیا کی رپورٹ

سڈنی (این این آئی) سابق آسٹریلوی فاسٹ بولر گلین میگرا کو ایشیز سیریز کے آغاز سے صرف دو روز قبل کمنٹری پینل سے فارغ کر دیا گیا۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق قومی براڈ کاسٹر ادارے نے گلین میگرا کو ریڈیو کمنٹری پینل سے الگ کر دیا ہے، گلین میگرا کو جوئے کی کمپنی کے ساتھ تعلق کی بنیاد پر پینل سے فارغ کیا گیا۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق گلین میگرا کا آن لائن جوئے کی کمپنی کے ساتھ تعلق بتایا گیا ہے، قومی براڈ کاسٹر ادارے کی پالیسی کے مطابق ملازم کا جوئے کی کمپنی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہو سکتا۔

پرتھ، انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے کپتان بین اسٹوکس ساتھی کھلاڑی کو اپنا بیٹ دکھا رہا ہے

اچھی شروعات نہیں کی، ایسی صورتحال میں میچ نکالنا مشکل ہو جاتا ہے، سلمان علی آغا

راولپنڈی (این این آئی) ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ زمبابوے کے خلاف کامیابی اچھی شروعات نہیں، ایسی صورتحال میں میچ نکالنا مشکل ہو جاتا ہے۔ زمبابوے کے خلاف کامیابی پر سلمان علی آغا نے اننگز کے آغاز اور اختتام پر ٹیم کی جانب سے کی گئی جدوجہد کا اعتراف کیا۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ ہمیں ایک موقع پر پھنس گیا تھا، ہم نے اچھی شروعات نہیں کی اور ایسی صورتحال میں میچ نکالنا مشکل ہو جاتا ہے۔ انہوں نے میچ کو بچانے کا سہرا اسپنرز کو دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اچھی شروعات کرنے کی ضرورت ہے، چاہے بولنگ ہو یا بیٹنگ۔ انہوں نے کہا کہ پاور پلے میں، ہمیں اچھا اسکور کرنے کی ضرورت ہے، میں لڑکوں کے ساتھ اس بارے میں بات کروں گا۔ واضح رہے کہ سہ ملکی سیریز میں پاکستان، زمبابوے اور سری لنکا کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

شاداب خان کو کپتان بنانے کے لیے ماحول بنایا جا رہا ہے، خرم منظور

عبدالصمد اور معاذ صداقت کو سپورٹ کیا جائے تو وہ ورلڈ کپ کے لیے تیار ہو سکتے ہیں، انٹرویو

کراچی (این این آئی) سابق ٹیسٹ کرکٹر خرم منظور نے دعویٰ کیا ہے کہ شاداب خان کو کپتان بنانے کے لیے ماحول بنایا جا رہا ہے۔ ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر خرم منظور نے کہا کہ آپ کے پاس دو ایسے کھلاڑی ہیں جنہیں سپورٹ کیا جائے تو وہ ورلڈ کپ کے لیے تیار ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان میں ایک عبدالصمد اور دوسرا معاذ صداقت ہے، یہ دونوں ایسے کھلاڑی ہیں جو چھ اور سات نمبر پر آ کر سامنے والے ٹیم کو دھچکا دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

بابر اعظم نے صفر پر آؤٹ ہونے میں آفریدی کو بھی پیچھے چھوڑ دیا

31 سالہ بابر اعظم ٹی 20 انٹرنیشنلز میں 9 ویں بار بغیر کوئی رن بنائے پویلین لوٹے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سٹار بیٹر بابر اعظم نے ٹی 20 انٹرنیشنل کے ناپسندیدہ ریکارڈ میں سابق کپتان شاہد آفریدی کو پیچھے چھوڑ دیا۔ بابر اعظم نے گزشتہ روز راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں زمبابوے کے خلاف سہ ملکی ٹی 20 سیریز کے پہلے میچ کے دوران شاہد آفریدی کا ناپسندیدہ ریکارڈ توڑا۔ بابر اعظم سہ ملکی سیریز کے پہلے ہی میچ میں زمبابوے کے خلاف بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے۔ صفر پر آؤٹ ہونے کے ساتھ ہی 31 سالہ بابر اعظم ٹی 20 انٹرنیشنلز میں 9 ویں بار بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے۔

سنگین الزامات پر سابق قومی کپتان راشد لطیف سے تحقیقات شروع

پی ایس ایل اور مختلف کرکٹرز پر جوا کمپنیوں سے وابستگی کے الزامات پر کی جا رہی ہیں، رپورٹ

لاہور (این این آئی) سابق قومی کپتان راشد لطیف کے خلاف نیشنل سائبر کرائم ایجنسی نے تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ ذرائع کے مطابق راشد لطیف کے خلاف تحقیقات پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی)، پی ایس ایل اور مختلف کرکٹرز پر جوا کمپنیوں سے وابستگی کے الزامات پر کی جا رہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق نیشنل سائبر کرائم ایجنسی نے راشد لطیف کو ابتدائی بیان کے لیے طلب کیا تاہم مبینہ طور پر وہ اپنے الزامات کے ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہے۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان یونس خان کے گانے کی ویڈیو وائرل

مرگل نے یونس کے گانا گانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کی، گائیکی کی صلاحیتوں کو بھی سب نے خوب سراہا

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان یونس خان کے گانے کی ویڈیو وائرل ہو گئی۔ سابق کپتان یونس خان نے لیگ کے ٹیم ڈنر کے موقع پر اپنی آواز کا جادو جگایا۔ یونس خان کی گائیکی کی صلاحیتوں کو بھی سب نے خوب سراہا۔ سابق فاسٹ بولر عمر گل نے یونس کے گانا گانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کی ہے۔ واضح رہے کہ سابق کرکٹرز ان دنوں ہوسٹن میں ایک لیگ کے سلسلے میں موجود ہیں۔

آئی سی سی کی پلیئرز رینکنگ جاری، ابرار احمد ٹاپ 10 میں شامل

ون ڈے بیٹنگ رینکنگ میں نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل نمبر ون، بھارت کے روہت شرما سے پہلی پوزیشن چھین لی

بابر اعظم ایک درجہ بہتری کے بعد چھٹی پوزیشن، رضوان 5 درجہ چھلانگ کے بعد 23 واں، فخر زمان 26 واں نمبر، صائم ایوب 3 درجے تنزلی

لندن (آن لائن) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پلیئرز کی تازہ رینکنگ جاری کر دی، پاکستان کے ابرار احمد ٹاپ 10 میں جگہ بنانے میں کامیاب ہو گئے۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ ٹیسٹ بیٹرز کی رینکنگ میں انگلینڈ کے جو روٹ کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ جنوبی افریقہ کے ٹیمبا باوما 2 درجے ترقی کے بعد 5 ویں نمبر پر آ گئے۔ رینکنگ میں بھارت کے ریشبھ پنت 4 درجے تنزلی کے بعد 12 ویں نمبر پر چلے گئے اور پاکستان کے سعود شکیل کا 13 واں نمبر برقرار ہے۔ ٹیسٹ بولرز کی رینکنگ میں بھارت کے جسپریت بمرا کا پہلا نمبر برقرار ہے۔ ٹیسٹ آل راؤنڈرز میں بھارت کے رویندرا جڈیجا کا پہلا نمبر برقرار ہے۔ آئی سی سی ون ڈے بیٹنگ رینکنگ میں نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل نمبر ون بیٹر بن گئے ہیں۔ ڈیرل مچل نے بھارت کے روہت شرما سے پہلی پوزیشن چھین لی جبکہ روہت شرما رینکنگ میں دوسرے نمبر پر چلے گئے۔ پاکستان کے بابر اعظم ایک درجہ بہتری کے بعد چھٹی پوزیشن پر پہنچ گئے ہیں۔

نیوزی لینڈ اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ون ڈے میچ میں نیوزی لینڈ کے بیٹر شاٹ کھیل رہے ہیں

ارجنٹائن کی جج کو میراڈونا کے کیس میں غلطی مہنگی پڑ گئی، نوکری سے فارغ

بیونس آئرس (آئی این پی) ارجنٹائن کی ایک خاتون جج کو عہدے سے ہٹا دیا گیا کیونکہ وہ آنجہانی فٹبال چیمپئن ڈیگو میراڈونا کی طبی ٹیم کے خلاف غفلت کے مقدمے میں ایک غلطی کا سبب بن گئی تھیں وہ اس کیس پر بنی ایک دستاویزی فلم میں شامل تھیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ججز، وکلا اور صوبائی قانون سازوں پر مشتمل ایک خصوصی پینل نے جولیتا ماکچ کو عہدے سے ہٹا دیا اور انہیں مستقبل میں کسی بھی عدالتی عہدے کے لیے نااہل قرار دیا۔ جولیتا ماکچ اس وقت 3 ججز میں سے ایک تھیں جو منسوخ شدہ مقدمے کی سماعت کر رہے تھے، یہ مقدمہ 2020 میں میراڈونا کی موت کے بعد شروع ہوا تھا، جب وہ دماغ کی سرجری کے بعد صحت یابی کے مراحل سے گزر رہے تھے اور برسوں سے کوکین اور الکحل کی لت سے لڑ رہے تھے۔ جب یہ بات سامنے آئی کہ ماکچ نے ایک منی سیریز کیلئے کیس کے حوالے سے انٹرویو دیا ہے۔

کرکٹ کی تاریخ کا انوکھا واقعہ، گیند کو 2 بار مارنے پر بلے باز آؤٹ

منی پور (این این آئی) بھارتی ریاست منی پور کے شہر سورت میں رانجی ٹرافی پلیٹ لیگ میچ میں بلے باز لاما بام اجے سنگھ کرکٹ کی تاریخ میں انوکھے طریقے سے آؤٹ ہونے والے بیٹر بن گئے، وہ گیند کو دو بار مارنے پر آؤٹ قرار دیے گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی بلے باز لاما بام اجے سنگھ نے باؤلر آرین بورا کی گیند کا دفاع کیا تاہم گیند ہلکی رفتار سے واپس اسٹمپ کی طرف جا رہی تھی جسے بیٹر نے روکنے کی کوشش کرتے ہوئے بیٹ سے روکا۔ گراؤنڈ میں موجود عینی شاہدین کے مطابق گیند دوسری بار بیٹ سے لگنے کے وقت واقعی اسٹمپ کی طرف جا رہی تھی اور ایسے میں وکٹ بچانے کے لیے دوسرا شاٹ قانون کے مطابق جائز ہوتا ہے، مگر امپائر کے فیصلے پر بلے باز سمیت کسی نے احتجاج نہیں کیا۔ ایک آفیشل کے مطابق بلے باز گیند کو پیڈ سے بھی روک سکتا تھا تاہم اس نے بیٹ استعمال کیا اور اسی لیے امپائر دھرمیندر بھاردواج نے اسے ہٹ دی بال ٹوائس پر آؤٹ قرار دیا۔ ایم سی سی قوانین کی شق 34.1.1 کے مطابق اگر گیند بیٹر کے جسم یا بیٹ کے کسی حصے سے ٹکرائے۔

امارات چھوڑ کر پاکستان آنے پر کوئی پچھتاوا نہیں، کرکٹر عثمان خان

پاکستان سپر لیگ میں بھرپور کارکردگی کے بعد گزشتہ سال دوبارہ پاکستان کی نمائندگی کا فیصلہ کیا

راولپنڈی (این این آئی) قومی ٹیم کے وکٹ کیپر عثمان خان نے کہا ہے کہ امارات چھوڑ کر پاکستان آنے پر کوئی پچھتاوا نہیں۔ عثمان خان نے زمبابوے کے خلاف 37 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیل کر پاکستان کو گزشتہ رات پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز کے افتتاحی میچ میں فتح دلائی۔ وکٹ کیپر بیٹر عثمان خان، جنہوں نے 2021 میں متحدہ عرب امارات کی نمائندگی کا انتخاب کیا تھا تاہم پاکستان سپر لیگ میں بھرپور کارکردگی کے بعد گزشتہ سال دوبارہ پاکستان کی نمائندگی کا فیصلہ کیا۔

اسلامک گیمز، ہائی جمپر شہروز خان نے مایوس کن کارکردگی

پاکستان کو میڈل دلوانے میں ناکام، سپورٹس بورڈ نے نام شامل کرایا تھا

اسلام آباد (این این آئی) اسلامک سولیڈیریٹی گیمز کے ایتھلیٹکس مقابلوں میں پاکستانی ہائی جمپر شہروز خان نے مایوس کن کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کو میڈل دلوانے میں ناکام رہے۔ پاکستان اسپورٹس بورڈ نے شہروز خان کا نام خصوصی طور پر اسلامک گیمز میں شامل کرایا تھا جبکہ گیمز کی سلیکشن کیلئے منعقدہ ہائی جمپ کے ٹرائلز آرمی کے احمد فراز نے جیتے تھے اور شہروز خان نے ٹرائلز میں حصہ بھی نہیں لیا تھا۔ ریاض میں جاری مقابلوں کیہائی جمپ ایونٹ میں شہروز خان 2.08 میٹر کی جمپ کے ساتھ چوتھے نمبر پر رہے، گولڈ میڈل ازبکستان کے عامر نا کیف نے 2.15 میٹر جمپ لگا کر اپنے نام کیا۔

اعصام الحق کو اے ٹی پی نیٹو فائنلز میں اعزاز سے نوازا گیا

تقریب اٹلی میں ہوئی، اعصام نے کیریئر میں 18 ڈبلز ٹائٹلز جیتے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ ٹینس اسٹار اور پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق قریشی کو اٹلی میں خصوصی اعزاز سے نوازا گیا۔ اے ٹی پی نیٹو فائنلز کے دوران ایک خصوصی تقریب منعقد کی گئی جس میں ان کھلاڑیوں کی خدمات کو سراہا گیا جو رواں سال اپنے کیریئر کو الوداع کہہ رہے ہیں۔ اعصام الحق قریشی نے رواں سال ستمبر میں پیراگوئے میں ہونے والے ڈیوس کپ ٹائی کے دوران اپنا آخری ٹور لیول میچ کھیلا۔ پاکستانی اسٹار نے اپنے کیریئر میں 18 ڈبلز ٹائٹلز جیتے جن میں دو اے ٹی پی ماسٹرز 1000 ٹائٹلز بھی شامل ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اعصام الحق نے کہا کہ یہاں موجود ہونا میرے لیے ایک شاندار احساس ہے، بطور پاکستانی، ایک چھوٹے سے بچے کے طور پر میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ میرا کیریئر اتنا طویل ہوگا۔

وکٹ کیپر بیٹر مشفیق الرحیم 100 ٹیسٹ کھیلنے والے پہلے بنگلا دیشی کرکٹر بن گئے

مشفیق الرحیم نے یہ اعزاز میرپور ڈھاکا میں آئرلینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میں حاصل کیا

ڈھاکا (این این آئی) وکٹ کیپر بیٹر مشفیق الرحیم 100 ٹیسٹ کھیلنے والے پہلے بنگلا دیشی کرکٹر بن گئے۔ مشفیق الرحیم نے یہ اعزاز میرپور ڈھاکا میں آئرلینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میں حاصل کیا۔ واضح رہے کہ دوسرے ٹیسٹ میں بنگلا دیش کی ٹیم ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کر رہی ہے، دو ٹیسٹ میچز کی سیریز میں بنگلا دیش کو ایک صفر سے برتری حاصل ہے۔

اسنوکر ورلڈ کپ: پاکستان کے اسجد اقبال کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے، آصف آؤٹ

چیمپئن شپ کے پری کوارٹر فائنل میں اسجد اقبال نے مصری کھلاڑی مٹی اعواد کو 4-1 فریم سے ہرا کر لاسٹ ایٹ میں جگہ بنالی۔ انہوں نے ٹورنامنٹ میں دوسرا اسنچری بریک

پری کوارٹر فائنل میں پاکستان کے محمد آصف کو فرانسیسی کھلاڑی کلوس نورٹریوکس نے سخت مقابلے میں چار، دو فریم سے شکست کر ٹورنامنٹ سے باہر کر دیا، رپورٹ

مسقط (این این آئی) پاکستانی اسنوکر اسٹار اسجد اقبال آئی بی ایس ایف اسنوکر ورلڈ کپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے جبکہ محمد آصف شکست کے بعد ایونٹ سے باہر ہو گئے۔ عمان کے دارالحکومت مسقط میں جاری چیمپئن شپ کے پری کوارٹر فائنل میں اسجد اقبال نے مصری کھلاڑی مٹی اعواد کو 4-1 فریم سے ہرا کر لاسٹ ایٹ میں جگہ بنالی۔ انہوں نے ٹورنامنٹ میں دوسرا اسنچری بریک کھیلا۔ پری کوارٹر فائنل میں پاکستان کے محمد آصف کو فرانسیسی کھلاڑی کلوس نورٹریوکس نے سخت مقابلے میں چار، دو فریم سے شکست کر ٹورنامنٹ سے باہر کر دیا۔ قبل ازیں کھیلے گئے میچوں میں محمد آصف نے یوا ای کے خالد کمالی کو تین، دو فریم سے قابو کیا تھا۔

پی سی بی نے مختلف لیگز کیلئے کھلاڑیوں کے این او سی کی اپ ڈیٹ لسٹ جاری کر دی

قومی کرکٹرز کو ابوظبی میں ٹی 10 لیگ اور آئی ایل ٹی ٹوئنٹی کے لیے این او سی جاری ہوئے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے مختلف لیگز کیلئے کھلاڑیوں کے این او سی کی اپ ڈیٹ لسٹ جاری کر دی۔ قومی کرکٹرز کو ابوظبی میں ٹی 10 لیگ اور آئی ایل ٹی ٹوئنٹی کے لیے این او سی جاری ہوئے، ابوظبی ٹی 10 لیگ کے لیے این او سی 25 نومبر تک جاری کیے گئے۔ آئی ایل ٹی ٹوئنٹی لیگ کے لیے تین کرکٹرز کو 2 دسمبر سے چار جنوری تک این او سی جاری کیے گئے، فخر زمان، حسن نواز، نسیم شاہ، افتخار احمد، خواجہ نافع، آصف علی اور سلمان ارشاد کو این او سی جاری ہوئے، زمان خان، عباس آفریدی، عرفان خان، اعظم خان، شاہنواز دھانی کو این او سی جاری کیے گئے۔ خیال رہے کہ بابر، رضوان، شاہین آفریدی، شاداب، حارث رف اور حسن علی کو پہلے ہی این او سی مل چکے ہیں۔

کسی بھی صورت میں زمین سے دست و بردار نہیں ہوں گے، بدوگٹی

صاحبہ حمید اپنے بھائی عبدالحق کھوسہ کے ساتھ مل کر مکمل پیسے لیکر اب مکر رہی ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) مرحوم سردار عبدالحمید خان کھوسہ کی صاحبزادی صاحبہ حمید کھوسہ سے اور ان کے بھائی عبدالحق کھوسہ کی موجودگی میں ہم نے 22 جریب زمین فی جریب 12 لاکھ روپے بموجودگی گواہان کے خریدا ہے، جس کی ٹوٹل رقم دو کروڑ 64 لاکھ روپے بنتی ہے جو کہ ہم نے مختلف اقساط میں بذریعہ بینک صاحبہ حمید کھوسہ کے اکاؤنٹ میں جمع کرائی ہے جس کے ثبوت بھی ہمارے پاس موجود ہیں پیسوں کی لین دین مکمل ہونے کے بعد جب اب زمین کا انتقال کرنے کا وقت آیا تو عبدالحق کھوسہ نے زرعی زمین کا انتقال کرنے سے مکر گیا اور ہماری خریدی ہوئی اسی زمین پر دوبارہ قبضہ کرنے کی کوششیں کر رہا ہے اس دوران وہ مسلح افراد لیکر زمین پر پہنچے جس کے باعث تصادم ہوا اور الٹا میر حسن پولیس نے اثر و رسوخ کی زد میں آ کر ہمارے خلاف ایف آئی آر درج کر لی یہ بات نصیر آباد کے قبائلی شخصیت بدو خان بگٹی نے گوٹھ عبدالحمید کھوسہ میں متنازعہ زمین پر اپنے دیگر لوگوں کے ہمراہ احتجاج کرتے ہوئے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ یہ زمین ہم نے پیسوں سے خریدی ہے عبدالحق کھوسہ مختلف حیلوں وسیلوں سے زمین کو دوبارہ ہتھیانے کی کوشش کر رہے ہیں ہم کسی بھی صورت میں زمین سے دست و بردار نہیں ہوں گے صاحبہ حمید سے ہم نے زمین خریدی ہے وہ آج بھی زندہ ہے لیکن اپنے بھائی عبدالحق کھوسہ کے ساتھ مل کر پیسے مکمل لیکر اب مکر رہے ہیں مرحوم سردار عبدالحمید کھوسہ کے بیٹے میر عبدالمجید کھوسہ اور عبدالحق کھوسہ زمین کو فروخت کرنے کے لئے ہمارے بیٹھک پر آئے تھے اور زمین کا انتقال کرنے کا وعدہ کیا جس کا ویڈیو ثبوت بھی ہمارے پاس موجود ہے اور اسٹام پیپر پر بھی صاف الفاظوں میں لکھا ہوا ہے کہ زمین کا انتقال مقررہ وقت پر کیا جائے گا جس پر دونوں بھائی بہن کے دستخط انگوٹھے کے نشان و شناختی کارڈ کی کاپیاں گواہان سمیت اٹیچڈ موجود ہیں لیکن جب وقت آیا تو انتقال تو اپنی جگہ زمین کی فروختگی سے بھی مکر گئے ہیں ہم اس بابت کسی بھی جگہ فیصلہ دینے کے لیے تیار ہیں ہم پر امن لوگ ہیں علاقے میں امن و فضا کو چند ریوں کی خاطر مخدوش کیا جا رہا ہے ہمارا کھوسہ قبائل سمیت تمام نصیر آباد جعفر آباد کے امیر معززین معتبرین سمیت کمشنر نصیر آباد ڈویژن ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ایف سی 114 ونگ کے کرنل کمانڈنٹ ڈی آئی جی نصیر آباد ایس ایس پی نصیر آباد سے اپیل ہے کہ وہ اس زرعی اراضی کے تنازعے کا نوٹس لیکر ہمارے ساتھ انصاف کریں تا کہ علاقے میں امن کی فضا برقرار رہے

شعیب نوشیروانی کی کاوشوں سے میونسپل کمیٹی کے لیے جدید مشینری کا افتتاح

خاران (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کے خصوصی کاوشوں سے میونسپل کمیٹی خاران کے لیے فراہم کی گئی جدید مشینری کا افتتاح ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو نے کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں چیئرمین میونسپل کمیٹی میر نورالدین نوشیروانی، چیف آفیسر طاہر حبیب، میونسپل کمیٹی کے کونسلران، انجمن تاجران کے نمائندگان، سیاسی و قبائلی عمائدین سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ میونسپل کمیٹی کو فراہم کی گئی مشینری میں ٹریکٹر، لوڈر، سوزوکی سمیت صفائی کے جدید آلات شامل ہیں، جو شہر میں صفائی کے نظام کو مؤثر، تیز تر اور جدید تقاضوں کے مطابق بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو نے کہا کہ صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی کی خصوصی توجہ اور بھرپور تعاون سے خاران میں میونسپل سروسز کو مضبوط بنیاد میسر آ رہی ہے، اور شہری جلد صفائی کے نظام میں واضح بہتری محسوس کریں گے۔ شرکاء نے خاران کے لیے خدمات پر صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات ایم پی اے خاران میر شعیب نوشیروانی کا شکریہ ادا کیا

انجینئر زمرک اچکزئی کا ڈاکٹر سعداللہ دفعدار کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار

مرحوم نہایت بہادر، نڈر اور فرض شناس افسر تھے، ہمیشہ اپنی ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر انجام دیا

میزئی اڈہ (نمائندہ خصوصی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے قبرستان لیویز چوکی کے انچارج ڈاکٹر سعداللہ دفعدار کی المناک شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے لیویز فورس اور علاقے کے لیے ناقابل تلافی نقصان قرار دیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر سعداللہ دفعدار آج صبح ایک افسوسناک واقعے میں جام شہادت نوش کر گئے۔ مرحوم نہایت بہادر، نڈر اور فرض شناس افسر تھے جنہوں نے ہمیشہ اپنی ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر انجام دیا۔ وہ عوام کی خدمت اور امن و امان کے قیام کے لیے ہمہ وقت متحرک رہتے تھے۔ ان کی شہادت سے نہ صرف فورس ایک قابل اور ایماندار ساتھی سے محروم ہو گئی ہے بلکہ علاقے کے لوگ بھی ایک مخلص محافظ سے جدا ہو گئے ہیں انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ شہید کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کا مشن ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ شہید کے اہل خانہ کی بھرپور معاونت کی جائے

رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی ملک حنیف اچکزئی و دیگر سردار فرید مڑ کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ڈی ایچ کیو اسپتال میں آنکھوں کا معائنہ، آپریشن کا سرجیکل کیمپ منعقد کیا جائیگا

ڈیرہ بگٹی (اے این این) ڈی ایچ او ڈاکٹر اعظم جان مسوری بگٹی کی خصوصی ہدایت پر 24 تا 26 نومبر مفت آنکھوں کا سرجیکل کیمپ ڈی ایچ کیو اسپتال میں لگے گا ڈیرہ بگٹی: ڈسٹرکٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ڈیرہ بگٹی کی جانب سے عوامی سہولت اور صحت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے 24 نومبر سے 26 نومبر تک ڈی ایچ کیو اسپتال ڈیرہ بگٹی میں مفت آنکھوں کے معائنے اور آپریشن کا سرجیکل کیمپ منعقد کیا جا رہا ہے۔ کیمپ میں مستحق اور ضرورت مند مریضوں کو جدید آلات کے ذریعے اسکریننگ، ٹریٹمنٹ اور مکمل سرجری بالکل بلا معاوضہ فراہم کی جائے گی۔ نوجوان، فعال اور فرض شناس ڈی ایچ او ڈیرہ بگٹی ڈاکٹر اعظم جان مسوری بگٹی نے عوام کے نام اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے "میری تمام عوام ڈیرہ بگٹی سے گزارش ہے کہ وہ اس مفت طبی سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ آنکھوں کے مسائل میں مبتلا افراد لازمی طور پر کیمپ میں رجوع کریں۔ محکمہ صحت کی پوری ٹیم آپ کی خدمت کے لیے ہر وقت تیار ہے۔ عوام کی صحت ہماری اولین ترجیح ہے۔" ڈاکٹر اعظم جان مسوری بگٹی نے مزید کہا کہ تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں

ڈاکٹر عبدالمنان لاکٹی کا آر ایچ سی میر بہرام خان بلیدی کا دورہ

بنیادی صحت مراکز عوامی صحت کا اولین رابطہ ہوتے ہیں، ڈی ایچ او

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر عبدالمنان لاکٹی کا آر ایچ سی میر بہرام خان بلیدی کا تفصیلی دورہ، خسرہ و روبیلہ مہم کا جائزہ نصیر آباد میں شعبہ صحت کی بہتری اور جاری حفاظتی ٹیکہ جات مہم کی مؤثر نگرانی کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر نصیر آباد ڈاکٹر عبدالمنان لاکٹی نے آر ایچ سی سنٹر میر بہرام خان بلیدی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مرکز کے مختلف شعبوں، او پی ڈی، لیبارٹری، میڈیسن اسٹور سمیت دیگر اہم سروس پوائنٹس کا معائنہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈاکٹر عبدالمنان لاکٹی نے عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی، میڈیکل اسٹاف کی کارکردگی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ ذمہ داران کو ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی صحت مراکز عوامی صحت کا اولین رابطہ ہوتے ہیں، اس لیے یہاں خدمات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لاکٹی نے ضلع نصیر آباد میں جاری خسرہ اور روبیلہ ویکسینیشن مہم کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے مہم میں شریک مختلف ٹیموں سے ملاقات کی، ان کی کارکردگی، فیلڈ میں درپیش مشکلات اور ٹارگٹس کے حصول کے حوالے سے معلومات حاصل کیں ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لاکٹی نے ٹیموں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بچوں کو جان لیوا بیماریوں سے بچانے کے لیے حکومت بلوچستان کی یہ مہم نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو خسرہ اور روبیلہ سے بچاؤ کی ویکسین لازمی لگوائیں

TENDER NOTICE

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department, Kalat Division invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm, for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
1	CONSTRUCTION INTERNAL BLACK TOP ROADS AND SEWERAGE SYSTEM/ DRAIN IN KHUZDAR TOWN DISTRICT KHUZDAR (PSDP No.5849) **TSE-252611912043**	24,751,999/-
2	HOME SOLAR SYSTEM FOR MINORITIES AT KHUZDAR (PSDP No.3926) **TSE-252611912103**	19,805,706/-

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The firm/contractor must have valid registration with the Pakistan Engineering Council (PEC), duly renewed for the year 2025–26, in the relevant category C-6, or above The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1,000/- for each tender must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP) detail mentioned in bidding documents. **Deadline of Submission:** The bidding Documents duly filled and attached with supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on 3/12/2025 at 1:00 PM. **Tender Opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 2:00 PM. Address: Office of the Executive Engineer Urban Planning & Dev: Department, Kalat Division at Khuzdar.
Telephone No. 0848413467 Bid Validity Period: Ninety (90) Days.
Email: eeupddsibi4201@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department Kalat Division at Khuzdar

PRQ No.2462/19-11-2025

TENDER NOTICE

The PROSECUTOR GENERAL invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252611912441 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 1,000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Manufactured Vehicles & Accessories (Total Item(s) Count: 1)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 5 Assignments of Similar Nature and Complexity 25,000,000 in Previous 1 Years Turn over of at least 20,000,000 PKR in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Bidder must have OEM certificate from the manufacturer Bidder must have ISO 9001:2015 and Quality Management in automotive industry certificate Bidder must have authorization letter from the manufacturer in the name of procurement agency with TSE number. Bidder Must have 3S dealership Bidders last three years financial audit report **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 04 December, 2025till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: PROSECUTOR GENERAL HIGH COURT BALOCHISTAN
Phone no: 3342990007 Email: pgbalochistanit@gmail.com

Deputy Prosecutor General (DDO/Member/Secretary) Procurement Committee

PRQ No.2460/19-11-2025

TENDER NOTICE

The Assistant Director Local Govt Surab invites bids from Eligible Bidders for execution of the following works for the Year 2025, based on the Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Note: In All Procurements of the GOB, Whether Through Electronic or Manual Bid Submission. It is Mandatory for All Bidders to Get Registered at the Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender 2000 PKR and Bid Security 4%**

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	Construction of Tuff Tiles at Zehri House Street, Surab, District Surab **TSE-252611912253**	29701788

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in the Active Taxpayer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 assignments of a similar nature of work Turnover of at least 20,791,251 PKR in the 3 previous years, showing the financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering Council (PEC) C-5 and above (Up to 65 million) In the Relevant Category and Specialized Code is CE10, CE01, CE02, CE10(i) (General Civil Engineering Works), CE10(iii) (Concrete Repairs). similar nature of work, Experience of 20 million in the previous three years Previous years' Audit Report A Certificate from the firm of that all submitted documents are original and genuine **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of a **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 4 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the undersigned, up to 06 December 2025 the bidding documents can be obtained on a green Challan under Head C-03870 of 2,000 **PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **08 December, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The tenders must be submitted by **08 December 2025, till 11:30 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on the same day at the office of the undersigned at **12:30 PM Address:** AD LG&RD Surab Phone no: 0332782861
Email: salugill92@gmail.com

Assistant Director Local Govt & RD Department Surab

PRQ No.2459/19-11-2025

TENDER NOTICE

TSE-252611912573 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R KOHLU invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender 2000 PKR and Bid Security 3%**

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	BSDI construction/upgradation of FCPS boys hostel Kohlu	20,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least of 14,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) CE11(i) (General engineering Works only). **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 04 December, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 04 December, 2025till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM **Address:** Office of Executive Engineer-II Provincial B&R District Kohlu Phone no: 3458047098
Email: engr.naeemzimri@gmail.com

Executive Engineer (Building) CW,P P & H Department, District Kohlu.

PRQ No.2475/19-11-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 وزیراعلیٰ

بقیہ 2 صدر ٹرمپ

بقیہ 3 امریکی کانگریس

بقیہ 4 وزیراعظم

بقیہ 5 فورسز کی کارروائی

بقیہ 6 اے پی

بقیہ 7 جمہوری

بقیہ 8 الحق دار

بقیہ 9 چیئرمین سینیٹ

بقیہ 10 آرمی چیف

بقیہ 11 پاکستانی فضائی

بقیہ 12 اسد قیصر

بقیہ 13 آئینی عدالت منتقل

بقیہ 14 ثانیہ زہرہ

بقیہ 15

بقیہ 16

بقیہ 17

بقیہ 18 وزیراعظم ملاقات

بقیہ 19 جسٹس منصور علی

بقیہ 20

بقیہ 21 جمال خاشقجی

بقیہ 22 عدالت

بقیہ 23

بقیہ 24 سعودی سفیر

بقیہ 25

بقیہ 26 وفاقی آئینی

بقیہ 27 ٹیکس چوری

بقیہ 28 غیر قانونی

بقیہ 29 وکلا ایکشن کمیٹی

بقیہ 30 سینیٹ قائمہ کمیٹی

بقیہ 31 بجلی کی قیمت

بقیہ 32 پارلیمنٹ

بقیہ 33 ویڈیو لنک

بقیہ 34

بقیہ 35

بقیہ 36 درخواست

بقیہ 37

بقیہ 38

بقیہ 39 مریم نواز

بقیہ 40 میر اسداللہ بلوچ

بقیہ 41

بقیہ 42 صدیق ملک

بقیہ 43 میر رحمت صالح بلوچ

بقیہ 44 سینیٹر محمد عبدالقادر

بقیہ 45 کمشنر کوئٹہ

بقیہ 46 جمال رئیسانی

بقیہ 47 بلال خان کاکڑ

بقیہ 48 سپلائی بحال

بقیہ 49 چار ملزمان گرفتار

بقیہ 50 فیصل جمالی

بقیہ 51 کامیابی سے مکمل

بقیہ 52

بقیہ 53

بقیہ 54 اے این پی

بقیہ 55 شیخ رشید

بقیہ 56 وزیر خزانہ

بقیہ 57 مرکزی انجمن تاجران

بقیہ 58

بقیہ 59

بقیہ 60

بقیہ 61 راحیلہ حمید درانی

بقیہ 62 مولانا عبدالواسع

بقیہ 63 صوبائی الیکشن کمشنر

بقیہ 64 تحریک تحفظ آئین

بقیہ 65 وزیر اطلاعات

بقیہ 66

بقیہ 67 جسٹس محسن اختر کیانی

بقیہ 68 مولانا ہدایت الرحمٰن

پی ایم ایل ن بلوچستان بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی، نسیم الرحمن ملاخیل

بلوچستان میں آئندہ بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں پاکستان مسلم لیگ (ن) نے بھرپور انداز میں انتخابی میدان میں آنے کا اعلان کر دیا ہے

پارٹی کے امیدوار تمام یونین کونسلوں میں بلدیاتی انتخابات میں حصہ لے کر پارٹی کو واضح اکثریت سے کامیاب کریں گے، صوبائی مشیر ماحولیات

کوئٹہ (خ ن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی ضلعی صدر و صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی و چیئرمین کمیٹی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں آئندہ بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں پاکستان مسلم لیگ (ن) نے بھرپور انداز میں انتخابی میدان میں آنے کا اعلان کر دیا ہے۔ اور پارٹی کے امیدوار تمام یونین کونسلوں میں بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے کر پارٹی کو واضح اکثریت سے کامیاب کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل اور مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی صدر کی جانب سے .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی سے ارکان اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعظم نے ارلی وارننگ سسٹم مربوط بنانے کی ہدایت کی ہے، مصدق ملک

حکومت آفات سے متعلق تمام ابتدائی وارننگ سسٹمز کو تحصیل سطح پر مربوط کریگی

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت صوبائی حکام کے ساتھ مل کر 250 روزہ شارٹ ٹرم منصوبے کے تحت ملک بھر میں آفات سے متعلق تمام ابتدائی وارننگ سسٹمز کو ضلعی اور تحصیل سطح پر مربوط کرے گی تاکہ سیلاب سے قبل بروقت انخلا اور املاک کی محفوظ منتقلی .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

بحرانوں کو کم کرنے میں بیوروکریسی کا اہم کردار ہے، میر رحمت صالح بلوچ

سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں اسٹار پینل کی کامیابی خوش آئند ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں اسٹار پینل کی کامیابی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے نومنتخب صدر امیر حمزہ اور پوری کابینہ کو مبارکباد پیش کی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان اس وقت شدید مسائل سے گزر رہا ہے، مہنگائی، بے روزگاری، .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

این آر ٹی سی میں کروم بک اسمبلنگ لائن کا افتتاح تاریخی سنگ میل ہے، سینیٹر عبدالقادر

ادارے کی کارکردگی، اسٹریٹجک منصوبہ بندی، مالی صورتحال اور اسٹریٹجک گروتھ اطمینان بخش ہے

وزارت دفاعی پیداوار، خزانہ، تجارت، ریونیو اور (پی پی آر اے) کے درمیان مشترکہ تعاون بڑھایا جائے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ نیشنل ریڈیو اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن (این آر ٹی سی) کی کارکردگی، اسٹریٹجک منصوبہ بندی، مالی صورتحال، جاری منصوبوں اور 2025–2030 کی پانچ سالہ اسٹریٹجک گروتھ انتہائی اطمینان بخش ہے۔ 1966 میں قائم شدہ (این آر ٹی)........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، بلال خان کاکڑ

حکومت آئی ٹی کو فروغ دے رہی ہے تاکہ نوجوان مسابقتی مارکیٹوں میں مقام بنا سکیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے DigiBizz بلوچستان کے پروگرام ڈائریکٹر جواد احمد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر جواد احمد نے DigiBizz کے اہم کردار پر تفصیلی بریفنگ دی، جس کے تحت صوبے کے .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

جاری ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور معیار کے مطابق مکمل کیا جائے، کمشنر کوئٹہ

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے جہاں عوام کو سہولیات میسر آئیں گی وہاں لوگوں کی مشکلات میں بھی کمی واقع ہوگی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے اسپنی روڈ نو تعمیر ٹراما سینٹر، نواں کلی مین روڈ اور ایف جی کالجز میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے آج یہاں اسپنی روڈ پر جدید سہولیات سے آراستہ نو تعمیر ٹراما سینٹر، نواں کلی مین روڈ اور ایف جی گرلز و بوائز کالج کوئٹہ کینٹ میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس دورے کے موقع پر سیکرٹری ایڈیشنل پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ ذیشان جاوید، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، ایڈیشنل سیکرٹری صحت محمد ثاقب، چیف انجینئر سی اینڈ ڈبلیو رحیم لہڑی سمیت مختلف ایکسینز اور انجینئرز بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے جدید سہولیات .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ایم پی اے انجینئر زمرک اچکزئی سے ملک حنیف اچکزئی کی سربراہی میں زمینداروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

قواعد انضباط کار کی بہتری سے اسمبلی امور میں مزید بہتری آئیگی، میر اسد اللہ بلوچ

بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قواعد انضباط نے اسمبلی سے منظوری کیلئے اپنی سفارشات مرتب کر لیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قواعد انضباط کار کا اجلاس چیئرمین میر اسد اللہ بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی، میر یونس عزیز زہری، خیر جان بلوچ، اصغر علی ترین، شاہد رف، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمن اور ایڈیشنل سیکرٹری لا سعید اقبال .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

انتخابات کی شفافیت سے متعلق ماضی ہمیشہ داغ دار رہا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

بلدیاتی انتخابات کے شفاف انعقاد کیلئے تمام جمہوری جماعتوں کی تجاویز پر عمل کرنا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس نے کہا ہے کہ صاف شفاف بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے ضروری ہے کہ تمام جمہوری جماعتوں کی تجاویز و آراء پر عمل کرنا ہوگا۔ انتخابات کی شفافیت کے حوالے سے ماضی ہمیشہ داغ دار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی ضلع کوئٹہ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی حکومت معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، راحیلہ حمید درانی

صوبائی وزیر تعلیم نے جی پی جی سی کی دو سو فیکلٹی ممبران اور سو طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے

نوجوان گھر بیٹھے بھی آن لائن طریقوں سے ہزاروں ڈالر کما سکتے ہے، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کوئٹہ کینٹ کے دو سو فیکلٹی ممبران اور سو طالبات میں لیپ ٹاپ ایک تقریب میں تقسیم کیے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور ڈیجیٹلائزیشن کے اس جدید دور میں لیپ ٹاپ دینے کا .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

سردار عبدالرحمن کھیتران کی سیکریٹریٹ آفیسر ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے سیکریٹریٹ آفیسر ایسوسی ایشن کے انتخابات میں اسٹار پینل کے صدر امیر حمزہ اور نئی کابینہ کی کامیابی پر انہیں دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ نئی قیادت آفیسران کے مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرے گی اور اس ضمن میں حکومت بھی مکمل تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے نئے منتخب نمائندوں کے لیے اعتماد اور نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا

قلعہ سیف اللہ سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے شنگلونہ موسیٰ زئی کے قریب ڈیم کے اطراف سے ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد ہوئی۔ ضلعی انتظامیہ کو اطلاع ملتے ہی فورا لیویز موقع پر روانہ کی گئیں اور نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق نعش کافی پرانی ہونے کے باعث اس کی شناخت ممکن نہیں ہو سکی۔ ضلعی انتظامیہ نے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے اور لاش کی شناخت، موت کی وجوہات اور ممکنہ قانونی کارروائی کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی: مسافر سے دو کلو آئس برآمد

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب کسٹم حکام کی کارروائی مسافر ویگن کے ایک شخص سے دو کلوگرام آئس برآمد کر لی ملزم گرفتار کسٹم حکام کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال کے مقام پر کسٹم حکام نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مسافر ویگن کے ایک سوار شخص سے دو کلوگرام آئس برآمد کر کے ملزم علی دوست بلیدی کو گرفتار کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی گئی ہے

کوئٹہ: مسلم لیگ ن کے رہنما نسیم الرحمن ملاخیل، میر یونس بلوچ، سحر گل خلجی ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان میں کسانوں، چھوٹے کاروبار کیلئے مدد فراہم کرنے کا منصوبہ کامیابی سے مکمل

چھ برسوں میں GRASP نے بلوچستان کے دس اضلاع میں کسانوں، چھوٹے کاروباروں اور مقامی برادریوں کے لیے اہم مدد فراہم کی

پراجیکٹ کے ذریعے 20 ہزار سے زائد کسانوں اور ایس ایم ایز کو فائدہ پہنچا، 8 ہزار سے زیادہ خواتین شامل تھیں 208 میچنگ گرانٹس دی گئیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انٹرنیشنل ٹریڈ سینٹر (ITC)، حکومت بلوچستان اور یورپی یونین (EU) نے صوبہ بلوچستان میں چھ سال پر محیط GRASP پراجیکٹ کی کامیاب تکمیل پر اختتامی تقریب کا انعقاد کیا۔ تقریب صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی ظہور احمد بلیدی کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ جس میں سیکرٹری زراعت نور احمد پرکانی، ڈی جی پی ار انور کھیتران ودیگر نے شرکت کی۔ تقریب میں بتایا گیا کہ گزشتہ چھ برسوں میں GRASP نے بلوچستان کے دس اضلاع میں کسانوں، چھوٹے کاروباروں اور مقامی برادریوں کے لیے اہم مدد فراہم کی۔ .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کو ایف جی بوائز کالج میں سائنس بلاک کی تعمیر سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

گیس پائپ لائن کا مرمتی کام مکمل، سپلائی بحال

کوئٹہ (این این آئی) سوئی سدرن گیس کمپنی نے مچھ کے قریب ہائی پریشر ٹرانسمیشن پائپ لائن میں پڑنے والے شگاف کا مرمتی کام مکمل کر کے گیس کی سپلائی بحال کر دی۔ ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی سلمان احمد صدیقی نے بتایا کہ ہفتہ کی صبح مچھ کے قریب سوئی سدرن گیس کمپنی کی ہائی پریشر ٹرانسمیشن پائپ لائن میں پڑنے والے شگاف کا مرمتی کام مکمل ہو چکا ہے سوئی سدرن گیس کمپنی کی تکنیکی عملے نے 18 انچ قطر کی QPCEP پائپ لائن کی بحالی .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ عبداللہ: کوئٹہ چمن شاہراہ ٹریفک کے لیے بحال

قلعہ عبداللہ (یو این اے) قلعہ عبداللہ تھانہ انچارج شہید ساداللہ کے ورثا کی اپیل پر روڈ بلاک ختم کر دیا گیا ہے۔ اس اقدام کے بعد کوئٹہ چمن شاہراہ پر گاڑیوں کی آمد و رفت دوبارہ معمول کے مطابق شروع ہو گئی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ شہریوں کی سہولت اور ہموار ٹریفک کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے گئے ہیں اور اب روٹ پر ٹریفک بغیر کسی رکاوٹ کے جاری ہے۔

کوئٹہ کو 180 کے مقابلے میں صرف 90MMCFD گیس مل رہی ہے، جمال رئیسانی

بار بار بلوچستان کو گیس چوری کے بیانیے میں لپیٹنا زیادتی ہے، کب تک لکڑیاں جلا کر گزارا کریں گے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی نے بلوچستان میں 80 فیصد گیس میٹرنگ سے متعلق سامنے آنے والے اعداد و شمار پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ صورتحال بلوچستان کے ساتھ دہائیوں سے جاری ناانصافیوں کا واضح ثبوت ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں انہوں نے .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد: ڈکیت گینگ کے کارکن سمیت چار ملزمان گرفتار

کلاشنکوف، چوری شدہ موٹر سائیکلیں، نقدی اور موبائل فون برآمد

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد پولیس کا بڑا آپریشن: مشہور ڈکیت گینگ کا اہم رکن سمیت چار ملزمان گرفتار، کلاشنکوف، چوری شدہ موٹر سائیکلیں، نقدی اور موبائل فون برآمد اوستہ محمد پولیس کی بڑی کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ عاصم خان کے احکامات، ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی کی ہدایات پر .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

لائیو اسٹاک کا شعبہ صوبائی معیشت میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے، فیصل جمالی

اس کی بہتری کے لیے محکمہ پوری سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ عملی اقدامات کر رہا ہے

عوامی فلاح اور ترقیاتی منصوبے کسی صورت سست نہیں پڑنے دیے جائیں گے

اوستہ محمد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عوامی خدمت ان کی سیاست کی بنیاد اور اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ لائیو اسٹاک کا شعبہ صوبے کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کی بہتری کے لیے محکمہ پوری سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ عملی اقدامات کر رہا ہے۔ .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ایم پی اے حاجی علی مدد جتک سے میر یونس عزیز زہری ملاقات کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمن کا دورہ بنگلہ دیش دونوں ممالک کیلئے سنگ میل ثابت ہوا، مولانا عبدالواسع

اس دورے سے دونوں ملکوں کے مابین تعلقات میں ایک نئی روح پھونکی گئی ہے، اسلامی تحریکوں سے متعلق اس خطے کی اہم تاریخ ہے

بنگلہ دیش میں قائد جمعیت کے والہانہ استقبال سے واضح ہوا کہ اسلامی اقدار اور مسلمانوں کے مابین روابط میں ایک مشترکہ نظریہ پایا جاتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علمائے اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کا حالیہ دورہ بنگلہ دیش دونوں مسلم ممالک کے لیے بلاشبہ ایک سنگ میل ثابت ہوا ہے بلکہ اس سے دونوں ملکوں کے مابین تعلقات میں ایک نئی روح پھونکی گئی ہے۔ اسلامی تحریکوں کے حوالے سے اس خطے کی ایک گہری اور اہم تاریخ ہے، جس میں قائد جمعیت کے دورے کے حیثیت ایک اہم باب کی مانند ہے۔ بنگلہ دیش میں قائد جمعیت کا والہانہ استقبال اور اہل بنگال کی محبت و خلوص نے واضح کیا کہ اسلامی اقدار اور مسلمانوں .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کالعدم ٹی ایل پی کیخلاف 12 مقدمات کی تفتیش کیلئے 12 جے آئی ٹیز تشکیل

7 جے آئی ٹیز لاہور اور 5 شیخوپورہ میں درج مقدمات کی تفتیش کریں گی، محکمہ داخلہ

لاہور (بیورو رپورٹ) محکمہ داخلہ پنجاب نے کالعدم تحریک لبیک پاکستان کیخلاف 12 مقدمات کی تفتیش کیلئے 12 جے آئی ٹیز تشکیل دے دیں۔ محکمہ داخلہ کے نوٹیفکیشن کے مطابق 7 جے آئی ٹیز لاہور اور 5 شیخوپورہ میں درج مقدمات کی تفتیش کریں گی۔ جے آئی ٹیز دہشتگردی سمیت دیگر سنگین دفعات کے تحت درج مقدمات کی تفتیش کریں گی جبکہ .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ مشکل میں؟ بدنام زمانہ جنسی اسکینڈل کی دستاویز عام کرنے کا بل منظور

ایوان نمائندگان میں صرف ایک رکن کی مخالفت، سینیٹ نے بل منظور کرنے کی ہامی بھر لی

واشنگٹن (م ڈ) امریکی ایوان نمائندگان نے بدنام زمانہ جنسی مجرم ایپسٹین جنسی اسکینڈل سے متعلق خفیہ دستاویز کو منظر عام پر لانے کا بل منظور کر لیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی ایوان نمائندگان میں بل کی منظوری کے لیے ہونے والی ووٹنگ میں 427 .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

اشرافیہ نے ہمیشہ جمہوری قوتوں کو کمزور کرنے کی کوشش کی، اے این پی

صوبے میں انفراسٹرکچر کی تباہی، انٹرنیٹ اور شاہراہوں کی بندش اور بدامنی نے عوام کی روزمرہ زندگی بری طرح متاثر کر دی

23 نومبر کو شہدائے وطن کی یاد میں منعقد ہونیوالے جلسہ میں سینیٹر ایمل ولی خان شرکت نہایت اہمیت کی حامل ہے، مابت کاکا

حب (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ ملکی عدم استحکام کی سب سے بڑی وجہ ہماری اپنی باہمی دوریاں ہیں اشرافیہ نے ہمیشہ قوم پرست ترقی پسند اور جمہوری قوتوں کو کمزور کرنے کی کوشش کی جس کے باعث عوامی حقوق اور شناخت کے تحفظ کیلئے جدوجہد کرنے والی قوتیں مسلسل دباؤ کا شکار رہیں خصوصاً پشتون اور بلوچ جب تک متحد رہے کوئی طاقت انہیں زیر دست نہ رکھ سکی آج کے تناؤ اور صوبے میں انفراسٹرکچر کی خستہ حالی بالخصوص انٹرنیٹ کی عدم فراہمی اور صوبائی شاہراہوں پر بدامنی او .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی تنظیم تاجران کے زیر اہتمام تاجر کنونشن اور تقریب حلف برداری سے کاشف چوہدری، سید عبدالقیوم آغا، ضیاء احمد راجہ، حدائے دوست، یاسین آغا ودیگر خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ بلدیاتی انتخابات: کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا مرحلہ مکمل

کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 19 سے 24 نومبر تک ہوگی، صوبائی الیکشن کمشنر

پولنگ کے اوقات صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک مقرر کیے گئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے جبکہ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 19 سے 24 نومبر تک ہوگی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں الیکشن کمشنر نے کہا کہ ریٹرننگ افسران کی جانب سے کاغذات نامزدگی منظور یا .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

آزاد کشمیر کی 18 رکنی کابینہ نے حلف اٹھا لیا

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) آزاد جموں کشمیر کی 18 رکنی کابینہ نے اپنے عہدے کا حلف اٹھا لیا، قائم مقام صدر آزاد کشمیر لطیف اکبر نے کابینہ سے حلف لیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے 18 اراکین اسمبلی نے وزراء کے طور پر حلف اٹھا لیا، قائم مقام صدر آزاد کشمیر چوہدری لطیف اکبر نے کابینہ سے حلف لیا۔

وزیر قانون اور اٹارنی جنرل کی اسلام آباد ہائی کورٹ آمد، اہم ملاقات

وفاقی آئینی عدالت کے اسلام آباد ہائیکورٹ بلڈنگ میں انتظامات سے متعلق گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور اٹارنی .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

محنت اور لگن سے کام ملکی ترقی کی ضمانت ہے، توصیف قریشی

سرکاری سروس کا سفر مسلسل تبدیلیوں، چیلنجز اور ذمہ داریوں سے عبارت ہے

سبکدوش ہونیوالے افسران کی یادیں ہمیشہ رہیں گی، ایڈوائزر وفاقی ٹیکس محتسب

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب کے ایڈوائزر توصیف قریشی نے کہا ہے کہ قابل اور ایماندار افسران ملک و قوم کا اثاثہ ہیں بلاشبہ سرکاری سروس مسلسل چیلنجز اور ذمہ داریوں سے عبارت ہے محنت ایمانداری اور جانفشانی سے کی جانے .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

اسلامی بینکنگ کے نام پر زیادہ سود لیا جا رہا ہے، سلیم مانڈوی والا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے اسلامی بینکنگ کے نام پر زیادہ سود لینے کے معاملے پر بینکوں کو کمیٹی میں بلانے کا فیصلہ کر لیا۔ سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس ہوا، جس میں وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی شریک ہوئے۔ چیئرمین کمیٹی سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ اسلامی بینکنگ کے نام پر زیادہ سود لیا جا رہا ہے

سب کو عمران خان سے ملاقات کی اجازت دینی چاہیے، شیخ رشید

اللہ کرے گا اچھا وقت آئے گا، ملاقات کرنے کی اجازت ہونے سے کیا ہوگا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ سب کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کی اجازت د .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی اقدامات سے معیشت درست سمت پر گامزن، وزیر خزانہ

ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے اصلاحات متعارف کرائی ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومتی اقدامات سے معیشت درست سمت پر گامزن ہے۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پاک ایران اور افغان بارڈرز کی بندش سے عوام نان شبینہ کے محتاج ہو گئے، مرکزی تنظیم تاجران

بارڈرز کی طویل و مسلسل بندش کے باعث بلوچستان کے لاکھوں لوگوں کو بے روزگار کر کے ان کا معاشی قتل کیا جا رہا ہے، کاشف چوہدری

صوبے میں صنعتیں نہ ہونے کی وجہ سے یہاں کے لوگوں کا روزگار تجارت سے وابستہ ہے حکمرانوں نے یہ واحد ذریعہ بھی چھین لیا، عبدالقیوم آغا

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے مرکزی صدر کاشف چوہدری، سید عبدالقیوم آغا، ضیاء احمد راجہ سمیت دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ پاک ایران اور افغان بارڈر کی طویل بندش کے باعث بلوچستان کے لاکھوں لوگوں کو بے روزگار کر کے ان کا معاشی قتل کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے لوگ نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں۔ صوبے میں صنعتیں نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کا روزگار تجارت سے وابستہ .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں ترمیم ملک بھر کے عوام کیلئے ناقابل قبول ہے، تحریک تحفظ آئین پاکستان

21 نومبر کو بلوچستان کے تمام اضلاع میں سیاسی جماعتیں منظم انداز میں نام نہاد حکومت اور ترامیم کیخلاف احتجاج کرینگی

حالیہ ترمیم میں آئین کے بنیادی ڈھانچے کو ہلا دینا دراصل ملک کے مستقبل سے کھیلنے کے مترادف ہے، عبدالرحیم زیارتوال

کوئٹہ (پ ر) تحریک تحفظ آئین پاکستان کا صوبائی اجلاس پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹریٹ میں مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی صدارت میں ہوا۔ جس میں تحریک انصاف، بلوچستان نیشنل پارٹی، مجلس وحدت المسلمین اور پشتونخوامیپ کے مرکزی و صوبائی رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی کی جانب سے اعلان احتجاج جس میں تمام ملک میں 21 نومبر کو یوم سیاہ اور نماز جمعہ کے بعد مساجد کے سامنے احتجاج کے طور پر کالی جھنڈیاں لہرانے اور "ایسے دستور کو صبح .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

شاہ زیب خانزادہ کو ہراساں کرنے والے کا پتا لگا لیا، وزیر اطلاعات

ملزم پی ٹی آئی کا کارکن، اونٹیریو میں رئیل سٹیٹ کاروبار سے وابستہ ہے، عطاء تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ صحافی شاہزیب خانزادہ کو بیرون ملک ہراساں کرنے والے شخص کا پتا لگا لیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے دعویٰ کیا کہ صحافی شاہزیب خانزادہ کو کینیڈا .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت نے ایمان مزاری کیلئے سٹیٹ کونسل مقرر کرنے کیلئے مراسلہ لکھ دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف متنازع ٹویٹ کیس میں ایمان مزاری کیلئے سٹیٹ کونسل مقرر کرنے کیلئے مراسلہ لکھ دیا۔ بعد کو ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل مجوکہ نے کیس کی سماعت کی

اقوام متحدہ، پاکستان کی قرارداد برائے حق خودارادیت متفقہ طور پر منظور

قرارداد آئندہ ماہ جنرل اسمبلی سے توثیق کے لیے پیش کی جائے گی

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ کی کمیٹی نے پاکستان کی قرارداد برائے حق خود ارادیت متفقہ طور پر منظور کر لی۔ 65 ممالک کی جانب سے مشترکہ طور پر پیش کی گئی یہ قرارداد پاکستان کے مستقل مندوب برائے اقوام متحدہ، سفیر عاصم افتخار احمد نے پیش کی جسے جنرل .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نہ کسی جنرل کا ہے نہ کسی سیاست دان کا، حافظ نعیم

لاہور (م ڈ) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان نہ کسی جنرل کا ہے نہ کسی سیاست دان کا یہ ہم سب کا ہے۔ لاہور میں مینار پاکستان گراؤنڈ میں میڈیا سے گفتگو میں حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ سیاسی ورکر کسی بھی پارٹی کا ہو وہ بہت اہم ہوتا ہے جو پارٹی وراثت پر نہ چلتی ہو وہی پاکستان کو نجات دلوا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلا دیش اب بنگلا دیش ہے

نظام میں لڑائی ہی حرام کھانے کی ہے، جسٹس محسن اختر کیانی

سرکاری دفاتر میں افسر تنخواہ بھی لیتے ہیں اور رشوت بھی لیتے ہیں، ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے زمین معاوضے کی ادائیگی کیس میں ریمارکس دیے ہیں کہ اداروں میں بدعنوانی ہوتی ہے، سرکاری دفاتر میں افسر تنخواہ بھی لیتے ہیں اور رشوت بھی لیتے ہیں، نظام میں لڑائی ہی .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر پٹرولیم کی چینی سفیر سے ملاقات، دیرینہ تعلقات کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور چین کے درمیان سٹریٹجک تعلقات کو مزید مضبوط، توانائی اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون پر اتفاق ہوا ہے، دونوں ممالک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ توانائی اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جایا جائے گا۔ بعد کو وفاقی وزیر برائے پٹرولیم علی پرویز ملک اور پاکستان میں تعینات چین کے سفیر جیانگ زیدونگ کے درمیان چینی سفارتخانے اسلام آباد میں ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور چین کے مضبوط اور دیرینہ شراکت دارانہ تعلقات کے عزم کا اعادہ کیا گیا

پنجاب پولیس کا خواتین پر تشدد ناقابل قبول ہے، وزیر اعلیٰ کے پی

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں پر مبینہ تشدد کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب پولیس کا خواتین پر تشدد ناقابل قبول ہے۔ ایک بیان میں سہیل آفریدی نے کہا کہ پنجاب پولیس کا خواتین پر تشدد ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ پر الزامات بھی افسوسناک ہیں، صوبائی وزیر مینا خان پر تشدد کی بھی مذمت کرتے ہیں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ایم این اے شاہد خٹک اور دیگر اراکین کی گرفتاریوں کی کوشش کی مذمت کرتے ہیں۔

صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی، سیکرٹری زراعت نور احمد پرکانی ودیگر انٹرنیشنل ٹریڈ سینٹر اور یورپی یونین کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کی محرومیوں کی آواز اب مینار پاکستان تک پہنچے گی، مولانا ہدایت الرحمن

جماعت اسلامی کے اجتماع عام میں اہل بلوچستان کے ساتھ مقتدر قوتوں اور طاقتوروں کے ظلم، زیادتیوں و ناانصافیوں کے خلاف آواز بلند کی جائیگی

انٹرنیٹ، بارڈر، شاہراہیں، ریلوے، تجارت بند کرنے والے اہل بلوچستان کے دشمن ہیں، لوٹ مار، زیادتیاں اور ناانصافیاں ہر صورت بند کرنی ہونگی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ اجتماع عام کیلئے بلوچستان کے مختلف علاقوں سے قافلے روانہ ہو گئے آج بھی قافلے روانہ ہوں گے اجتماع عام میں اہل بلوچستان سے مقتدر قوتوں اور طاقتور اداروں اسٹیبلشمنٹ کی زیادتیوں ناانصافیوں کے خلاف آواز بلند کیا جائیگا۔ انٹرنیٹ، بارڈر، شاہراہیں، ریلوے، تجارت بند کرنے والے اہل بلوچستان کے دشمن ہیں۔ کب تک بلوچستان کو گوادر یا اور لٹیروں کیلئے سونے کی چڑیا ہو گی۔ لوٹ مار زیادتیا .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

وفاق کہتا ہے سارے پیسے وزیر اعلیٰ کو دے دیے، جاؤ وزیر اعلیٰ سے لو، وزیر صحت

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کبھی زرعی ٹیکس نہیں لگنا چاہیے، آئی ایم ایف نے کان پکڑ کر زرعی ٹیکس لگانے کا کہا تو زرداری صاحب نے اس کا اعلان کیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سال سندھ کو این ایف سی ایوارڈ کے 2400 ارب روپے ملے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کراچی کو اس سال 800 ارب روپے ملنا چاہیے تھے، 100 ارب بھی نہیں ملے، وفاق کہتا ہے سارے پیسے وزیر اعلیٰ کو دے دیے